صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 20 جون 2011ء بمطابق 17 رجب 1432ہجری سہ پہر تین بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَٱللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيۡكُمۡ وَيُرِيدُ ٱلَّذِينَ يَتَّبِعُونَ ٱلشَّهَوَٰتِ أَن تَمِيلُواْ مَيۡلًا عَظِيمًاO يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمۡۚ وَخُلِقَ ٱلۡإِنسَٰنُ ضَعِيفًاO يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَأۡكُلُوٓاْ أَمۡوَٰلَكُم بَيۡنَكُم بِٱلۡبَٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ تِجَٰرَةً عَن تَرَاضٖ مِّنكُمۡۚ وَلَا تَقۡتُلُوٓاْ أَنفُسَكُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِكُمۡ رَحِيمًا۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

(ترجمہ): اور اللہ تعالیٰ کو تو تمہارے حال پر توجہ فرمانا منظور ہے اور جو لوگ کہ شہوت پرست ہیں وہ یوں چاہتے ہیں کہ تم بڑی بھاری کجی میں پڑ جاؤ۔ اللہ تعالیٰ کو تمہارے ساتھ تخفیف منظور ہے اور آدمی کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طور پر مت کھاؤ لیکن کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے ہو تو مضائقہ نہیں اور تم ایک دوسرے کو قتل بھی مت کرو بلاشبہ اللہ تعالیٰ تم پر بڑے مہربان ہیں۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکرا پوائنٹ آف آرډر۔ یو ډیره اهم خبره، د مذهب سره متعلق ډیره اهم خبره ده، نن په دے اخبار کښے-----

جناب سپیکر: اختر علی صاحب، دا سے کار دے جی، دا د بجټ اجلاس دے، د بجټ اجلاس کښے-----

(شور)

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب، دا ډیره اهم خبره ده۔ نن په اخبار کښے راغلی دی، د بشیر بلور صاحب بیان په دے اخبار کښے راغلے دے چه د الله اکبر زمانه تیره شوے ده او دا د سائنس او ټیکنالوجی زمانه ده۔

(شور)

جناب سپیکر: گوره تاسو ته به دا اهم مسئله ښکاری بل ته به بله، دا ترے بیا وروستو تپوس اوکړئ جی۔

حافظ اختر علی: محترم سپیکر صاحب، دا د اتهاره کروړ مسلمانانو د جذباتو خبره ده-----

مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Speker: The honorable Minister for Science and Information Technology, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 5.

جناب محمد ایوب خان (وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی): جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ تین کروڑ 91 لاکھ 67 ہزار سے زیادہ نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سائنس ٹیکنالوجی اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(شور)

Mr. Speaker: The motion before the House-------

حافظ اختر علی: جناب سپیکر، نن دوئ وائی چه د الله اکبر د نوم زمانه ختمه شوے ده که تاسو مونږ ته د خبرے اجازت نه راکوئ نو بیا مونږ دے هال کښے نه کښینو۔ جناب سپیکر، الله اکبر د الله د نوم کبریائی ده، نن د هغه الله د نوم احترام نشته دے، مونږ د الله د نومونو لاندے په هال کے ناست یو، نن د الله د نوم لحاظ نه ساتلے کیږی جناب سپیکر صاحب، تاسو په دے خپله فیصله باندے نظرثانی اوکړئ، زه درخواست کوم، تاسو ته زه دا عرض کوم، زه تاسو ته انتهائی ریکویسٹ کوم۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! وضاحت کریں کیا مسئلہ ہے؟

اخباری بیان کی وضاحت

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب، میں مولانا صاحب کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، اب وہ وضاحت کر رہا ہے۔

سینئر وزیر (بلدیات): میں مولانا حافظ اختر علی صاحب کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں، میرے بزرگ ہیں، انہوں نے جو فرمایا ہے، وہ بدقسمتی یہ ہے کہ کل میں اردو میں تقریر کر رہا تھا اور میں نے کہا کہ 'الله اکبر کہہ کر ورځئ پرے' سے اب یہ کام نہیں چلے گا، کام تب چلے گا کہ جب تک آپ ٹیکنالوجی اور سائنس میں غور نہ کریں، تو یہ وہی بات ہے کہ جیسے لوگ کہتے ہیں کہ آپ نماز نشے کی حالت میں نہ پڑھیں تو 'نشے کی حالت' کاٹ کر خالی نماز نہ پڑھیں، 'اللہ اکبر' آج بھی ہے، کل بھی تھا، دنیا کے ختم ہونے کے بعد بھی ہوگا اور آخرت تک 'اللہ اکبر' ہوگا۔ اللہ اکبر کا مطلب یہ ہے کہ اللہ سب سے بڑا ہے تو کون کہہ سکتا ہے کہ اللہ سب سے بڑا نہیں ہے؟ آج بھی ہے، کل بھی ہوگا اور آخرت کے بعد بھی اللہ سب سے بڑا ہوگا۔

(تالیاں)

مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Thank you, ji. The motion before the House is that a sum not exceeding rupees three crore, 91 lac, 67 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2012, in respect of Science Technology and Information

Technology. Cut Motions on Demand No. 5: Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion.

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف)</u>: میں Withdraw کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Withdrawn. Sardar Aurangzeb Khan.

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: سپیکر صاحب، میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔ منسٹر صاحب اچھا آدمی ہے، ابھی دو گھنٹے ہوئے ہیں، دن بھی نہیں گزرا۔۔۔۔

(قہقہے)

<u>Mr. Speaker</u>: Sardar Shamoon Yar, not present, it lapses. Abdul Sattar Khan.

<u>جناب عبدالستار خان</u>: جناب سپیکر! ہمارا منسٹر صاحب سے ایک گلہ ہے، میں ایک لاکھ روپے کی کٹوتی کی موشن پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mufti Kifayatullah Sahib. Not present, it lapses. Mufti Said Janan Sahib. Not present, it lapses. Mufti Muhammad (Laughter) Muhammad Javed Abbasi Sahib.

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: مہربانی کریں میں مفتی نہیں ہوں ابھی، میں چونکہ مفتی صاحبان کے نزدیک بیٹھتا ہوں، اللہ کرے کہ کبھی ہو جاؤں، تو ابھی میں بنا نہیں ہوں۔ میں جناب سپیکر، پانچ ہزار کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House, ji honourable Law Minister Sahib.

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون)</u>: مہربانی سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا کٹ موشن نمتاؤ کړو، که بیا تا سو، دا یو دے۔

<u>(Minister for Law)</u>: Right, Sir.

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Muhammad Zamin Khan, not present, it lapses. Naseer Muhammad Khan.

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Nargis Samin Bibi.

<u>محترمہ نرگس ثمین</u>: جناب سپیکر، میں پانچ ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Ji, Abdul Sattar Khan.

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، میں اپنی تحریک کو واپس کرنا چاہتا ہوں لیکن ایک بات جو جناب منسٹر صاحب نے پچھلے سال ہمیں یقین دہانی کرائی تھی کہ تمام پارلیمنٹریز کی میں کم از کم ٹریننگ کرالونگا لیکن اس وعدے کو ایفاء نہیں کیا ہے، یہ پورا ہونا چاہیئے۔ اس کے بعد کہ اگر یہ یقین دہانی کرائیں تو میں اپنی تحریک کو واپس کرتا ہوں، ہمارے صوبائی اسمبلی کے ممبران کو ایک Laptop بھی دیں گے اور ساتھ ٹریننگ بھی کرائیں گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ذرا صبر کریں، وہ تو بولیں نا، کھل کر بولیں۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! اس اسمبلی فلور پر یہ Commitment کی تھی کہ میں کمپیوٹر کے حوالے سے ہماری صوبائی اسمبلی کے ممبران کو ٹریننگ بھی کراؤنگا، پھر ساتھ ان کو ایک ایک Laptop بھی دونگا، اگر اس وعدے کا ایفاء کرتا ہے تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، اس پر آپ کی رولنگ بھی ہے۔

جناب سپیکر: اشاڑی صاحب! بات پلے پڑی ہے۔ نہیں سیلاب آگیا، پھر صوبے کے حالات خراب ہوگئے۔ (تالیاں) یہی بات تھی نا؟ ایوب خان اشاڑی صاحب، کچھ لذیذ، ترسکون سی بات کریں۔

وزیر سائنس ٹیکنالوجی: دا خو بالکل ما وئیلی نه وو چه ټولو ته زه Laptop ورکوم خو جی کوشش به کوؤ چه د سائنس په حواله، د آئی ټی په حواله په ضلعو کښې مونږ څه کولے شو، په سکولونو کښې یا په کوهستان کښې مونږ کمپیوټرائزډ ډرائیونګ لائسنس متعارف کړے دے، د ټولے ضلعے یو لوئے پراجیکټ دے، پکار دا ده چه د هغے یو داد راکړئ چه هغه دور دراز علاقه ده او په هغے کښې مونږ دغه یو پراجیکټ کړے دے، دغه شان زمونږ نوی پراجیکټونه چه دی، راروان دی له خیره سره او هغه ډیر د کار دی او په صوبه کښې به هغه ډیره تبدیلی راولی جی۔ په سائنس کښې جی، زمونږ دا یچ ای سی خبره شروع وه جی چه ایچ ای سی کښې رد و بدل راځی نو بیا به څه کیږی؟ د هغے د پاره مونږ اوس د دے جوګه شوی یو چه د لته یونیورسټو ته فنډ ورکړو جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: دوئ وائی جی اشاړی صاحب!۔۔۔۔

وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی: نو دا زه خواست کوم، مهربانی اوکړئ جی، ته خو مهربانی نه کوے۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، فلور آف دی ہاؤس پہ انہوں نے یقین دہانی کرائی تھی اور اس پر آپ کی رولنگ بھی ہے۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ایوب خان اشاڑی صاحب کہہ رہے ہیں عبدالستار خان! آپ کے سارے ضلع کیلئے کئے ہیں، آپ ایک Laptop کو بھول جائیں۔

وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی: باقی ستار کی اگر ضرورت ہے تو میں انکو دے دوں گا Laptop سر۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر صاحب، میرے ڈسٹرکٹ کیلئے، یہ ستار کی بات نہیں ہے، یہ سارے پچیس اضلاع میرے اپنے اضلاع ہیں، میرے صوبے کے اضلاع ہیں اور یہ میری زمین ہے اور یہاں پر میں اس بات کو مناسب ہی نہیں سمجھونگا کہ میرے ضلع کیلئے یا ستار کیلئے، پہلے ہمارے اپنے ہاؤس کو Train کرائیں، آئی ٹی کے بارے میں ہمیں بھی تھوڑی ٹریننگ ہو، ہم New comer لوگ ہیں اور یہ Commitment بھی ہے اور اس کے بعد پھر آگے جائیں ضلع میں یا صوبے میں تو پھر میں بات مانوں گا۔

جناب سپیکر: ایوب خانه! په اردو کښے ورته اووایه۔ ابھی Withdraw ہوگیا نا، Withdrawn؟ سمجھ نہیں آرہی ہے اس کی بات۔ آپ کے پورے ضلع کو وہ کمپیوٹرز دے رہا ہے، Withdraw ہوگئے؟

جناب عبدالستار خان: نہیں جناب، میرے اپنے ضلع کی بات نہیں ہے، میری ذات کی بات نہیں۔ پورے ہمارے صوبے میں ہر ضلع کو یہ ٹریننگ بھی دیگا اور اس کے بعد یہ کمپیوٹر، Laptop بھی دیگا ہر ایک کو، تو پھر میں بات مانوں گا۔

جناب سپیکر: جی اشاڑی صاحب، جی ایوب خان۔

وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی: مہربانی، بڑی مہربانی۔ زه د ټولو شکریه ادا کوم، مننه جی۔۔۔

(قہقہے اور تالیاں)

جناب سپیکر: جاوید عباسی بھی Withdraw ہو گئے؟ جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، میں بڑا مشکور ہوں، آپ نے مجھے وقت دیا اور میں منسٹر صاحب کا بھی بڑا مشکور ہوں، میں اس لئے یہ بات لے کے آیا تھا ور نہ میں واپس لے لیتا کہ انہوں نے ہمارے ساتھ بہت بڑی نیکی کی ہے، ایبٹ آباد میں انہوں نے آئی ٹی پارک کا اس دفعہ اعلان کیا ہے اور میں، یہاں فوڈ منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، ان کا بھی بڑا مشکور ہوں کہ جگہ کا بہت بڑا مسئلہ تھا، تو اس سے بہت بڑا ایک Revolution آئے گا ہزارہ کے اندر، بالخصوص انشاء اللہ ایبٹ آباد میں بھی۔ اس وقت میں چونکہ یہ بتانا چاہ رہا تھا کہ بہت اچھا کام کیا ہے، منسٹر صاحب نے بڑی توجہ دی ہے، بڑی ان کی مہربانی کہ انہوں نے ایبٹ آباد کیلئے،   (تالیاں) آپ سے ہماری درخواست ہے کہ یہ اسی اسمبلی کے دور میں اللہ کرے بس شروع ہو جائے۔ یہ بات تو ہو گئی ہے، انہوں نے کہہ بھی دیا ہے تو یہ ابھی ہماری ان سے درخواست ہے کہ جتنا جلدی ہو سکے اگلے دو تین مہینوں کے اندر اندر تاکہ وہاں کام شروع ہو جائے کیونکہ یہ جو نیا دور ہے جناب سپیکر، یہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا دور ہے، یہ انٹرنیٹ کا دور ہے، یہ آپ کے اس سے بات بہت آگے نکل گئی ہے، دنیا میں انفارمیشن لینے کیلئے، تو ہماری کٹ موشن آج بہت Important ہے اس بات کیلئے جناب، یہ بہت اہم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی کیا آپ Withdraw ہو گئے؟ بس تعریف بہت کر لی، یار جاوید صاحب!

جناب محمد جاوید عباسی: جی جی، اسی طرح میری خواہش ہے کہ جو وہاں کی ملازمتیں ہونگی جناب سپیکر، چونکہ اس سے بہت بڑا Space ملازمتوں کیلئے Create ہو گا تو اس میں یہ مہربانی کریں کہ لوکل لوگوں کو جناب سپیکر، First priority دیں تاکہ لوکل جو ہزارے کے رہنے والے لوگ ہیں، ان کو جاب مل سکے۔ اگر منسٹر صاحب یقین دہانی کراتے ہیں، یقیناً کرائیں گے تو میں انشاء اللہ واپس لے لوں گا جی۔

جناب سپیکر: اچھا ٹھیک ہے۔ نصیر محمد خان۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس منسٹری کو دیکھتے ہوئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مستقبل میں یہ منسٹری انتہائی اہم منسٹری ہو گی۔ ہمارے ملک میں ہمارے غریب عوام نے اپنے بچوں کو، سائنس اور ٹیکنالوجی کو دیکھتے ہوئے، جو پچھلی حکومتوں میں اس کا ڈھنڈورہ پیٹا گیا، اپنے بچوں کو آج انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ایم ایس / ایم ایس سی کروا دیئے ہیں، وہ بیچارے سر گرداں اسی طرح پھر رہے ہیں جبکہ صوبے میں تمام محکموں میں اس منسٹری کی ضرورت پڑے گی، تو ان ضروریات کو دیکھتے ہوئے

اگر منسٹر صاحب مستقبل کے حوالے سے ہمیں کچھ یقین دہانی کرادیں، جیسے جاوید عباسی صاحب کو انہوں نے کہا کہ جی میں ایبٹ آباد میں یہ قائم کر رہا ہوں، اگر ہمیں بھی اس قسم کی یقین دہانی کرادیں تو میں ان کا مشکور بھی ہونگا اور اپنے پروگرام سے بھی ذرا ہمیں مطلع کر دیں کہ آئندہ اس سال انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے اس صوبے میں ان کا کیا پروگرام ہے؟ وہ پروگرام بتانے کے بعد پھر انشاء اللہ العزیز ان کو دیکھتے ہوئے شاید ہم اپنی اس کٹ موشن کو Withdraw کر لیں جی۔

جناب سپیکر: نرگس سمین بی بی۔

محترمہ نرگس ثمین: جناب سپیکر صاحب! اس سے انکار نہیں کہ کسی بھی ملک، صوبے اور علاقے کی ترقی میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا بہت بڑا Role ہوتا ہے۔ ہمارا صوبہ خیبر پختونخوا جو ایک پسماندہ صوبہ ہے، فنی تعلیم کے شعبے میں بہت اور صوبوں سے بہت پیچھے ہے۔ میرے خیال میں اس کی وجہ متعلقہ محکمے کی ناقص کارکردگی ہے جس نے گزشتہ تین سالوں میں کوئی نمایاں کارکردگی نہیں دکھائی۔ اس قسم کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے عوام کے ٹیکس کا پیسہ جو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پر لگایا جاتا ہے، یہ عوام کے ساتھ زیادتی ہے۔ پچھلے سال کے الاٹ شدہ 221 ملین روپے میں صرف 101.9 ملین خرچ کئے گئے جبکہ اس سال کے بجٹ میں 350 ملین روپے رکھے گئے ہیں، ریفرنس صفحہ نمبر 35، Volume I، لہذا میری سفارش ہے کہ ان کے ناتواں کندھوں پر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی اتنی بڑی ذمہ داری نہ ڈالی جائے۔ انٹرنیٹ جو آجکل سب کی ضرورت ہے، اس پر ٹیکس لگا کر غریب عوام کے بچوں کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے۔ میری منسٹر سے یہ التجاء ہے کہ یہ انٹرنیٹ پہ جو ٹیکس لگایا گیا ہے، اس کو واپس لے لیں تاکہ غریب بچے بھی مفت میں انٹرنیٹ سے فائدہ اٹھائیں۔ والسلام، شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ جی ایوب خان صاحب، ایوب خان اشاڑی صاحب۔

جناب ایوب خان اشاڑی (وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی): دا سے دہ جی، نصیر محمد خان۔

(قطع کلامی)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، ہم کو بھول گئے ہیں۔

وزیر برائے سائنس ٹیکنالوجی: آپ کی طرف آتا ہوں، نصیر محمد خان کا پہلے۔ نصیر محمد خان جی خبرہ اوکڑہ، دا مونږ چہ دلتہ کښے د آئی ټی پارک کال سنټر یو بورډ بنیاد کیښودو پہ پیښور کښے او پہ ایبټ آباد کښے نو دا داسے نہ دہ چہ دا د پیښور د

پاره دے یا د ایبټ آباد د پاره دے ، دا د ټولے صوبے د پاره دے۔ په دیکښے جی مونږ چه چوده هزار کسانو له ټریننګ ورکوؤ او دغه هومره هغوی له جابز ورکوؤ نو دا خو به داسے نه وی چه د پېښور کسان به وی یا به د مردان وی یا به د ایبټ آباد وی، دا به د ټولے صوبے د پاره وی جی، نو دغه یو تسلی د دوئ ساتی جی چه هلته کښے کوم خلق چه د هغوی په دے سائډ باندےExperience وی، هغه به له خیره مونږ ورته خواست کوؤ، هغوی به راولو او دلته به د آئی ټی حواله باندے مونږ دا خپله صوبه، د دهشت ګردئ خلاف دا هم یو موثر هتیار دے یواځے ګولئ نه ده چه خلق دے طرف ته، ځوانانو له مونږ ټریننګ ورکړو، هغوی له جابز ورکړو نو په دے حواله باندے جی زمونږ به د ټولے صوبے کوشش وی چه مونږ په ټوله صوبه کښے د آئی ټی د پاره چه څومره پرمختګ وی، هغه مونږ اوکړو جی او په هغے کښے داسے نه چه لکی مروت به د دے نه بهر وی جی، لکی مروت به وی، ډی آئی خان به وی، ټانک به وی جی۔ دغه شان ملاکنډ ډویژن دے ، که هغه هزاره ده، که هغه مردان دے جی، یو ځائے ترے بهر نشته، هغے کښے د دے کارکردګی له خیره اوس ښه روانه ده، مونږ په سائنس کښے هم ډیر ښه ښه پراجیکټونه اوکړل، مونږ په آئی ټی کښے ښه پراجیکټونه سر ته اورسول او نوی چه مونږ کوم اوس منظور کړل، په هغے کښے هم دا ده چه د سرکار هغه ریکارډ چه د وخت ضرورت دے چه هغه مونږ کمپیوټرائز کړو، په هغے هم پراجیکټونه مونږ منظور کړل نو زه د دے خپلو مشرانو ملګرو، د هغے خپلے بی بی مشکور یم، د ټولو چه هغوی خپل کټ موشنز واپس واغستل۔ ډیره مننه جی۔

Mr. Speaker: Naseer Muhammad Khan, withdrawn?

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر، منسٹر صاحب کی خوبصورت Explanation پہ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ نرګس ثمین بی بی! تاسو Withdrawn ؟

محترمہ نرګس ثمین بی بی: او جی، زه Withdraw کوم۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Wthdrawn. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 5, therefore, the question before the House is that Demand No. 5 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; Demand is granted-----

(Applause)

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 6: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): زما دا گزارش وو جی، هغه بله ورځ هم ما د رول سسپنشن د پاره یو موشن پیش کړے وو چه یره رول 140 او 148 د Partially suspend شی او کټ موشنز باندے چه کوم بحث دے نو هغه د معطل شی ځکه چه ټائم هم داسے دے، د لاء اینډ آرډر سیچویشن هم داسے دے نو په هغے باندے رولنگ ستاسو پاتے دے، ما وئیل که دغے باندے مهربانی اوکړئ او رولنگ ورکړئ، خپل دغه اوکړئ۔

جناب سپیکر: دا به هاؤس نه تپوس کوؤ، که هاؤس Agree کیږی هله جی، داسے خو نشو کولے، ما سره خو دا اختیار نشته، دا خو به هاؤس کوی۔

(شور)

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، اس کیلئے تین دن کا ٹائم ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہ تین دن میں ہونا چاہیئے۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، ہم نے بڑے محکموں پر بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: یہ ایسا ہے، یہ جو ڈیمانڈز ہیں نا جی، میرے خیال میں یہ تین گھنٹے کیا پانچ گھنٹے سے بھی زیادہ لیں گے۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، دو تین محکموں پر بات کر لیتے ہیں، دو تین محکمے جو اہم ہیں اور باقی جو ہیں اس پر ہم Withdraw کرینگے اور تین چار، پانچ محکمے ہیں، خاصکر ہائر اور پرائمری ایجوکیشن پہ ہم بات کرنا چاہتے ہیں، ہیلتھ اور اس طرح محکموں پہ، باقی ہم تعاون کر رہے ہیں جی، ہم واپس لے رہے ہیں۔ آپ ذرا چلائیں پھر بعد میں یہ کر لیں۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، یہ کہتے ہیں کہ ہیلتھ اور ایجوکیشن اگر ہو جائیں، باقی ہم واپس لیں گے۔آپ کا کیا خیال ہے،آپ کیا کہتے ہیں؟

وزیر قانون: اس طرح کرلیں جی کہ پھر ہیلتھ اور ایجوکیشن کو پہلے لے لیں، پہلے ہیلتھ اور ایجوکیشن کو لے لیں،ان دو گرانٹس کو، تو اس کے بعد ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: جی اکرم خان درانی صاحب،اکرم خان درانی صاحب،ہیلتھ اور ایجوکیشن کو لے لیں پہلے؟

قائد حزب اختلاف: میرے خیال میں جی،آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ جو اس طرح ڈیپارٹمنٹس ہیں جن میں زیادہ ضروری نہیں، ہم خود واپس لے رہے ہیں، تو آپ ذرا چلائیں جی کہ کچھ ایسے محکمے ہیں جن کو میرے خیال میں کچھ تجاویز بھی ہم دیں گے،ہیلتھ ہے،ایجوکیشن ہے اور پولیس پہ ہم بات کریں گے،ریونیو ہے،تو میرے خیال میں ہم کوشش کریں گے کہ جتنا بھی وقت بچا سکیں، ہم تعاون کریں گے جی اس میں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ چار پانچ ڈیپارٹمنٹس کو لے لیں۔

جناب سپیکر: ہیلتھ،ایجوکیشن اور ریونیو کے علاوہ باقی سب کٹ موشنز واپس ہوئیں۔

قائد حزب اختلاف: پولیس ہے جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بھی ہے جی۔

جناب سپیکر: پولیس کا تو ختم ہو چکا ہے،وہ پہلے-----

قائد حزب اختلاف: نہیں ابھی آرہا ہے،آگے آرہا ہے۔

جناب سپیکر: ایک ہو گیا ہیلتھ-----

قائد حزب اختلاف: ایجوکیشن دو،ہائر اور پرائمری ایجوکیشن،پولیس،ریونیو۔

جناب سپیکر: ریونیو،بس-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: بس جاوید صاحب،ہیلتھ،ایجوکیشن،ریونیو۔

جناب محمد جاوید عباسی: ٹھیک ہے جی۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب، میاں افتخار صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): ډیره ښه خبره ده، داسے ده جی چه دوئ کومه خبره کوی، جائزه هم ده خو دومره ده چه په هغے کښے د کټ موشنز لړ مختصر کړی چه د دوئ کار هم اوشی، داسے نه چه په هغے کټ موشنز مطلب دا دے چه ټوله ورځ تیریږی او بیا ماسخوتن وی، نو خیر دے هم دغه محکمے د اوکړی خو هغے کښے هم د لږ خاص خاص چه کوم دوئ مناسب کنړی او که دوئ وائی چه داسے نه ده نو بیا خو د اسمبلئ خپله طریقه وی، بیا خو خپلے طریقے ته به ئے پریږدئ یا به د سوال تپوس کوئ۔

جناب سپیکر: جی اکرم خان صاحب۔

قائد حزب اختلاف: زما خیال دے چه په دے طریقه باندے ئے تاسو واخلئ، مونږ مکمل تعاون به په دیکښے درسره، خیر دے تکلیف دے خو چه کوم تجاویز ورکوی او اهم محکمے دی، په هغے باندے به مونږ واړه کوشش کوؤ چه لږے لږے خبرے اوکړو د اطلاع د پاره۔

جناب سپیکر: ښه جی ټهیک شوه، بشیر بلور صاحب! داسے ټهیک شوه ؟

جناب بشیر احمد بلور (سینیئر وزیر): ٹھیک ہے جی، یہ تین ہو گئے ہیں نا جی۔

جناب سپیکر: دوئ دا درے څلور ډیپارټمنټس اوښودل، بس دغه باندے به کټ موشنز واخلو، وائی باقی به واپس شی۔

آوازیں: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: تاسو Agree یئ ټول هاؤس ؟

آوازیں: جی ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: ښه۔ دا ریونیو فرسټ، ډیمانډ نمبر 6 ریونیو ده کنه۔ First Minister for Revenue, to please move his Demand No. 6.

سید قلب حسن (وزیر مال): شکریہ، جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 70 کروڑ 99 لاکھ 14 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ مال گزاری واملاک کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved: that a sum not exceeding rupees 70 crore, 99 lac, 14 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Revenue and Estate Department. Cut Motions: Akram Khan Duranni Sahib, first, on Demand No. 6.

قائد حزب اختلاف: میں واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: ہاں، واپس، Withdrawn، تھینک یو۔ سردار اورنگزیب خان نلوٹھا صاحب، واپس؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ابھی یہ کھانا کافی خراب کر گئے ہیں سی ایم صاحب کا، یہ جو تین محکمے رہتے ہیں، ان پر-----

جناب سپیکر: نہیں آپ تو ریونیو کمیٹی میں بھی ہیں نا، آپ بھڑاس ادھر نکالیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی نہیں، میں کوئی دو تین تجویزیں دینا چاہتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: وہ تجویز اس ریونیو کمیٹی میں دے دیں نا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، میں چھ لاکھ روپیہ کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: that the total grant may be reduced by rupees six lac only. Sardar Shamoon Yar Khan, please.

سردار شمعون یار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ اس میں بات اس طرح ہے کہ یہاں پر ہم جتنی تجاویز دے رہے ہیں، میرے خیال سے تو عمل کسی پہ نہیں ہونا ہے پر پھر بھی میں تجویزیں اپنی واپس لے لونگا۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you; withdrawn. Sikandar Hayat Khan Sherpao Sahib.

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao: Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut of five hundred thousand rupees on Demand No. 6.

Mr. Speaker: The motion moved: that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Abdul Sattar Khan, please.

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، میں ڈیمانڈ نمبر 6 پر ایک کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: that the total grant may be reduced by rupees one crore only. Ghulam Muhammad Khan, Ghulam Muhammad Khan Sahib.

جناب غلام محمد: تھینک یو، جناب سپیکر۔ شاہ صاحب کو تو آئے ہوئے میرے خیال میں تین مہینے چکے ہیں، موجودہ ایس ایم بی آر صاحب کو میں بہت پرانا جانتا ہوں۔ اس ڈیپارٹمنٹ کو ریفارم کرنے کیلئے آئے ہوئے ہیں، انشاء اللہ اسکو ریفارم کریں گے اس لئے میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you. Mufti Kifyathullah Sahib, please.

مفتی کفایت اللہ: میں بہت شرمندہ ہوں جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ته هم په ريونيو كميټی كښے ئے كنه؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ شرمندہ ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: وہ ہمارے وزیر صاحب ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: كه څه اصلاح غواړے ، هغے كښے اوكړئ، دلته خو به هسے خبرے اوكړئ او۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: ہمارے وزیر بالکل نئے آئے ہیں اور ایس ایم بی آر صاحب بہت دیانت دار آدمی ہیں تو میں اپنی کٹ موشن واپس کرتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved: that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Muhammad Javed Abassi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں پانچ ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Muhammad Zamin Khan, not present, it lapses. Muhammad Rishad Khan.

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر صاحب، میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you; withdrawn. Munawar Khan Advocate Sahib, not present, it lapses. Naseer Muhammad Khan.

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Nargis Samin Bibi.

محترمہ نرگس ثمین: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں چار ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four thousand only. Nighat Yasmin Orakzai Sahiba.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ مطالبہ زر نمبر 6 میں ایک سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Honouable Sardar Aurangzeb Khan.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! یہ بڑا مسئلہ ہے لوگوں کیلئے، مشکلات جو حلقوں کے اندر ہیں پٹوار حلقوں کے اندر، کہ پٹواری حلقوں میں نہیں جاتے ہیں اور اس دفعہ جو اس بجٹ میں سو نئے پٹوار خانے قائم کرنے کا حکومت نے اعلان کیا، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ جو سابقہ پٹوار خانے بنے ہوئے ہیں اور وہ گر گئے ہیں یا انکی چھتیں، دیواریں گر گئی ہیں، پٹواری اپنے اتنے بڑے بڑے عالی شان محل بنا سکتے ہیں تو پٹوار خانوں کی تعمیر نہیں کروا سکتے یا ان میں نہیں بیٹھ سکتے؟ تو کیا منسٹر صاحب یہ یقین دہانی کروا سکتے ہیں کہ پٹواریوں کو انکے حلقوں میں جہاں جہاں پر انکی ڈیوٹی ہے، وہ دس بیس کلومیٹر دور شہروں میں آکر بیٹھتے ہیں اور لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے، تو یہ اپنے حلقوں میں ان کو بٹھا سکتے ہیں یا نہیں؟ اور دوسری بڑی بات یہ ہے جی کہ پچھلے پندرہ بیس دن ہوئے ہیں، ایبٹ آباد کا جو مال خانہ تھا، محافظ خانہ، وہ جل گیا ہے اور کمشنر ہزارہ نے ادھر پریس کانفرس کی ہے کہ تین دنوں کے اندر اندر میں حقائق عوام کے سامنے لاؤنگا اور انکوائری کر کے اس سے عوام کو آگاہ کرونگا کہ کیوں محافظ خانے کو آگ لگائی گئی ہے اور کس طرح لگائی گئی ہے؟ لیکن ابھی تک وہ حقائق عوام کے سامنے نہیں لائے گئے، تو منسٹر صاحب یہ کوئی یقین دہانی کرا سکتے ہیں؟ کتنا بڑا نقصان ہوا ہے، ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کا جو محافظ خانہ جل گیا ہے اور تیسری بات یہ ہے، میں مشکور ہوں حکومت کا اور بالخصوص وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کا، وزیر اعلی خیبر پختونخوا کا کہ میرے حلقے حویلیاں میں تحصیل کا جو قیام عمل میں لایا گیا ہے تو میں اس پر حکومت کا مشکور ہوں، شکریہ ادا کرتا ہوں-----

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔

سردار اورنگ زیب نلوٹھا: اور ساتھ ہی ساتھ میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ اس تحصیل کا جو نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے، کب تک اسکی بلڈنگ بنے گی اور کب تک اسکو عملی طور پر وہاں سب ڈویژن میں شفٹ کیا جائے گا؟

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، میرے والی باقی رہ چکی ہے۔

جناب سپیکر: اب تو گاڑی بہت دور جا چکی ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب، آپ ٹائم دے دیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی ابھی سکندر حیات خان کو فلور دیا ہے۔ گاڑی بہت دور جا چکی ہے، آخر میں دے دیں گے موقع، آپ بھی بولیں گے خیر ہے۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: خیر دے جی ټائم ورله ورکړئ، منور خان ډیر کم دغه کوی، او جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خو دوه دوه منټه وایئ نو لږ به اسانه شی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر، زه ستاسو مشکور یمه چه تاسو موقع ماله راکړه۔ ما ته دا هم پته ده چه د دے محکمے وزیر صاحب ایلا دوه دوه نیمے میاشتے شوی دی چه وزارت چارج ئے سنهبال کړے دے او هغه لحاظ سره لا هغوی به هم د محکمے طریقه کار باندے هغه شان دغه نه وی او دوئ به لا خپل کوشش کوی چه دے طرف ته توجه ورکړی خو چونکه د دے محکمے د عوامو سره ډیر نزدے یو تعلق دے او زیات که شکایت هم دے او هغه څه ته چه Mother of all evils وائی کنه جی، نو هغه د دے محکمے نه ډیر شکایت راځی، نو دغے د پاره یو څو مونږ خبرے کول غواړو۔ بنیادی طور باندے جناب سپیکر، یو خو دا خبره ده چه کوم وخت کښے انتقال کیږی یا نور څه داسے دغه کیږی، د هغے کوم فیس او هغه سسټم هغه شان لا د هغے هغه پوره طریقے سره واضح کول یا دغه نشته ځکه چه اکثر خلقو ته، چا ته یو ریټ ښودلے کیږی او چا ته بل ریټ ښودلے کیږی۔ د دے څه داسے انتظام پکار دے چه کوم شیډول ریټس دی، هغه د واضح وی چه هر چا ته پته وی چه څومره ټیکس ورکول، څومره فیس جوړیږی د

حکومت، هغه د واضح شي۔ دیکښې مختلف ځایونو کښې دا شکایت راځي او دے نه مخکښې هم وزیر صاحب په دے باندے یو ورځ په اسمبلئ کښې تاسو مهربانی کړے وه او ټائم مو ورکړے وو، کافی په دے باندے بحث شوے وو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه سټیئرنګ کمیټی پرے ده او تاسو خو پکښې یئ کنه جی؟

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: زه پکښې نه یمه جی۔

جناب سپیکر: په سټیئرنګ کمیټئ کښې تاسو یئ؟

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: نه، نه جی۔

جناب سپیکر: خو بیا هم هغے ته به راتګ غواړی چه دا سے ښه ښه تجویزونه، د دے خو لا جمعه جمعه دس د ن نه دی شوی کنه۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: بالکل، بالکل جی۔

جناب سپیکر: نو دے به د هغے متعلق څه دا سے غټ ایشورنس خو ورنکړے شی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: خو دا ده کنه جی چه دوئ ته کم از کم مونږ ذهن کښې خبرے راولو چه هغے باندے دوئ توجه ورکړی۔

جناب سپیکر: دے ته به راتګ غواړی جی، خو ده له پکار دی چه څنګه دا سیشن ختمیږی چه مخے سره د دغه کمیټئ میټنګ کښې تاسو ټول راشئ، دا څومره پارټی لیډرز، خاصکر پکښې ټول راشئ پارټی لیډرز ټول راشئ، دا د غټ غم نه ډکه محکمه ده نو لږ پرے ښه کار اوکړئ۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: دے نه ټولو کښې زیات تکلیف دے جی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: په دیکښې یو خو دا هم ده جناب سپیکر، کوم چه د محکمے د سټافAttitude دےد خلقو سره، په هغے کښې هم دغه راوستل ضروری دی۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر:' پبلک ډیلنګ' محکمه ده، تاسو ټهیک وایئ جی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ځکه چه دوئ یو بل شان رویه خلقو سره ساتی او هغه یو دغه پکښے راوستل پکار دی چه دا پبلک سرونټس دی، دوئ ته د خلقو په ټیکس باندے تنخواه ملاویږی نو دا نه ده چه دوئ په خلقو باندے خپله من مانی کوی، دوئ هلته کښے موجود دے د پاره وی چه دا Public facilitate کړی، Rather than چه د پبلک په مسئلو کښے نوره اضافه اوکړی۔ بل جناب سپیکر، خاصکر د سیلاب نه پس دا یو څو محافظ خانے او د هغے ریکارډ هم دغه شوے وو او د سیلاب د وجه نه هغه محافظ خانے خرابے شوے وے، د هغے د پاره زما دا ریکویسټ دے چه منسټر صاحب د دغه طرف ته توجه ورکړی او خاصکر ایس ایم بی آر صاحب د هم، چه هغے کښے څه داسے دغه اونشی ځکه چه د بعضے خلقو دا یو هغے کښے اندیشه شته چه هغے کښے هسے نه څه ګړ بړ اوشی او بعضے ریکارډ کښے څه داسے Tempering یا څه داسے نور څه دغه اونشی نو دغه طرف ته توجه ورکول لازمی دی۔ مونږ به هم دا غواړو چه منسټر صاحب په دے باندے لږ واضح دغه راکړی۔ بل چه کوم دے-----

Mr. Speaker: Thank you ji, thank you.

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: بل چه کوم د دوئ ریکروټمنټ پالیسی ده، هغے کښے جناب سپیکر، بعضے شکایتونه دی، څه باندے ما سوال هم راوړے دے، منسټر صاحب سره هغه ما ډسکس کړے هم دے نو هغے طرف ته هم توجه ورکول ضروری دی چه هغے کښے هم لږه ټرانسپیرنسی راشی او لږ صحیح طریقے سره ریکروټمنټ په میرټ باندے اوشی، هغے کښے دا اونشی چه دا څه Previous practice شوے دے، هغه شے د سټاپ کولو د پاره د څه طریقه کار رااوباسی۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی، تھینک یو۔ عبدالستار خان، پلیز۔ عبدالستار خان، مختصر مختصر، دو منٹ سے زیادہ کوئی نہیں۔

جناب عبدالستار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اس میں جو ریونیو ڈیپارٹمنٹ ہم سے اتنی بڑی رقم جو ستر کروڑ روپے مانگ رہا ہے، میں بات مختصر کرونگا، میں اس بات پر Appreciate کرونگا کہ اس میں کوئی ریفارمز لا رہے ہیں جس کو ہم Appreciate کرتے ہیں، خصوصاً جناب ایس ایم بی آر صاحب اور منسٹر صاحب ہمارے نئے آئے ہیں لیکن اس کٹ موشن کو لانے میں میرا ایک مقصد تھا، آج

تک آپ کے علم میں ہے جناب سپیکر، کہ بھاشاڈیم کی زمین جو ہے، ایک بہت بڑا پراجیکٹ ہے ہمارا، جس میں ہم بھی Stack holders ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی آپ کے علاقے میں پٹواری آئے ہیں، پٹواری ہیں؟

جناب عبدالستار خان: ہاں ہیں، پٹواری ہیں، تحصیلدار صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بھاشاڈیم کو ابھی چھوڑ دیں، ابھی انکی کچھ اصلاح کریں، اس کے اوپر۔۔۔۔۔

جناب عبدالستار خان: نہیں، ان سے Related بات ہے سر، ان سے Related بات ہے۔ میں اس کو آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، بارہ سو ترانوے کنال زمین ایک ہے، دو سو کنال زمین دوسری جو کنٹریکٹر کالونی کیلئے ہمارے ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے واپڈا والے Acquire کرنا چاہتے ہیں اور ہمارے ایس ایم بی آر صاحب کے آنے سے پہلے ایک بات یہاں پر تھی کہ ہمارے ریٹس طے نہیں ہوئے تھے جس کی وجہ سے ہمارے اس پورے علاقے میں وہاں زمینوں کے مقامی مالکان میں ایک بڑی بات آرہی ہے اور ہمارے لئے بڑے شرم کی بات ہے کہ آج تک ہم نے اپنی زمین کو Acquire نہیں کیا ہے۔ میں جو بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس بھاشاڈیم کا جو کیس ہے، ہم اسکو Politically لے رہے ہیں۔ پورے ہاؤس سے میں ہمیشہ کہتا رہا ہوں، یہاں پر ہمارے سینیئرز بیٹھیں ہیں، ہماری صوبائی گورنمنٹ نے اس کیس کو آج تک اپنا نہیں سمجھا ہے، خصوصاً ہماری کابینہ کے وزراء صاحبان اور ہمارے چیف منسٹر صاحب سے میں ہمیشہ یہ بات کہتا ہوں کہ آج وہ اس حد تک گئے ہیں کہ وہ لوگ اپنے اس کیس کو لیکر اپنی چیف کورٹ میں انہوں نے خود اپیل کی ہے، خود فیصلہ کیا ہے، انکی جوڈیشری فریق ہے، انکی ایڈمنسٹریشن فریق ہے، انکی Representation فریق ہے، انکی اسمبلی فریق ہے اور ہماری طرف سے سوائے اس کے کہ ان دو سالوں میں دو تین بار میں نے اس ہاؤس میں بات کی ہے، میں یہ اپنے لئے بات نہیں کرتا ہوں، یہ میری بات نہیں ہے، میرے کسی کی بات نہیں ہے، کل اس ڈیم میں ہمارا حصہ ہو گا تو مجھے یقین ہے کہ ڈی آئی خان والے پہلے اپنا حصہ نکالیں گے، یہ کوہستان والوں کی بات نہیں ہے اور وہاں پر مقامی زمین تو ہم دے رہے ہیں، قربانی ہم دے رہے ہیں لیکن ہماری زمین کا آج تک ریٹ طے نہیں ہوا ہے۔ نادرن ایریا کے لوگوں کو زمین کی Payment شروع ہو گئی ہے، وزیراعظم آرہا ہے، ادھر انکی زمین کی مارک اپ نہیں ہوئی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی۔ آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

جناب عبدالستار خان: یہ اگر یقین دہانی کرالیں تو میں اس کو واپس کر لیتا ہوں۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): پوائنٹ آف آرډر دے ، پوائنٹ آف آرډر دے د دے هاؤس د دغه د پاره چه رول 144 کښے Conditions for admissibility of Cut Motions، دا وائی چه It shall be confined to one specific matter which shall be stated in precise terms، دا 144 کښے اوګورئ، يو خو دا چه يو خبره به دوئ کوی۔ بله دا ده چه (d) کښے دی-----

جناب سپیکر: په Specific شی باندے به خبره کوئ۔

وزیر قانون: دا Generally په ټول ډیپارټمنټ باندے مشورے او د هغے Revamping نه، يو خبره به کوئ او Precise terms کښے به کوئ جی۔

جناب سپیکر: جی پیر صاحب، پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: بڑا اچھا ماحول ہے اور میں اپوزیشن کو بھی Appreciate کرتا ہوں اور گورنمنٹ کو بھی۔ ہمارے فاضل منسٹر صاحب، وزیر قانون جو بات کر رہے ہیں تو کچھ چیزیں جو ہوتی ہیں جی، وہ کتاب ہمارے لئے مقدس ہے، رولز آف پروسیجر ہو، آئین ہو لیکن ہمارا جو یہاں یہ ہاؤس ہے، یہ اکثر ہماری روایات پہ چلتا ہے اور وہ روایات یہ ہیں، یہ ایک روایت ہے کہ کٹ موشن پہ کبھی بھی، ایک تاریخ ہے کہ نہ تو اس پہ کبھی ووٹنگ ہوئی ہے، نہ کبھی اس کو اس حوالے سے سیریس لیا گیا ہے کہ واقعی اس میں کوئی کٹ موشن لانا چاہتے ہیں، بلکہ اس میں اس ادارے کی اصلاح مقصود ہوتی ہے، تو اس لئے میں فاضل منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا کہ اس چیز کو جانے دیں کیونکہ اس طرح سے ایک اصلاح کا عمل ہے، تو اس میں آپ رکاوٹ نہ ڈالیں، اور یہ Talented ہمارے منسٹر ہیں تو ان سے گزارش ہے-----

جناب سپیکر: ملک قاسم خان خٹک صاحب، ملک قاسم خان خٹک صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریه جناب سپیکر۔ دا محکمه ډیره اهم ده او دے نه مخکښے سیشن کښے پینځه ورځے په دے باندے بحث شوے دے خو چونکه ایس ایم بی آر صاحب ډیر تجربه کار او نوے منسټر صاحب عظیم پارلیمنټیرین دے او زه دا امید لرم خو زه دا وایم چه دا محکمه ډیر کار غواړی او زه نوی منسټر صاحب ته دا وایم چه یو Collector چه هغه وائی چه منسټر ئے کله راوړے ده، د دے د اصلاح ضرورت دے ، ده ته مونږ پخپله نشاندهی کړے ده او

دیکښې چه کوم کرپشن دے ، زما دا یقین دے چه دا دوه صاحبان به د دے خاص نوټس واخلی۔ شکریه، ډیره مهربانی۔ زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Withdrawn, thank you. Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں، آپ نے ٹائم دیا۔ منسٹر صاحب نئے آئے ہیں لیکن بد قسمتی ہے کہ یہاں جب بھی نیا بجٹ آیا، نئے منسٹر ہوئے ہیں اور جو پہلے ایشورنسز کرا کے گئے ہیں، وہ ہماری کبھی بھی پوری نہیں ہو سکیں گی۔ بجٹ کے بعد مجھے یقین ہے کہ منسٹر صاحب اور ایس ایم بی آر صاحب کے آنے سے انشاء اللہ تبدیلی آئیگی لیکن جناب سپیکر، چونکہ اس محکمے کا ڈائریکٹ تعلق ہر آدمی سے ہے، چونکہ لاء منسٹر نے یہ پوائنٹ آوٹ کیا ہے کہ Specific کہا جائے تو میں ڈائریکٹ باتیں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ ایک تو ابھی تک اس صوبے میں یہ تعین نہیں ہو سکا کہ پٹواری کا ٹرانسفر کون کرتا ہے؟ منسٹر صاحب بھی وہی کام کر رہا ہے، ایس ایم بی آر صاحب، نیا کمشنر آتا ہے، وہ بھی یہی کام کرتا ہے جناب، ڈی او آر بھی ہوتا ہے، وہ بھی یہ کام کرتا ہے، یہ سارے لوگ صرف اس لئے رہ گئے ہیں اور ابھی تک کسی کو پتہ نہیں کہ کس نے کس کو ٹرانسفر کرنا ہے؟ اور دوسری وہ قوت اتنی مضبوط ہے کہ پشاور کے اندر بھی میں نہیں سمجھتا کہ یہ کوئی تبدیلی لا سکیں۔ جتنی وہ مضبوط طاقت، ظاہر ہے کوئی ہے جو ولیوں کی طاقت رکھتا ہے، ہمیں آج بتایا جائے کہ وہ طاقت کونسی ہے کہ پٹواری کو کوئی اپنے مقام سے ہٹا نہیں سکتا جناب سپیکر؟ جناب سپیکر، دنیا بڑی آگے چلی گئی ہے، آج بھی ایک آدمی ایک فرد لینے کیلئے مارا مارا پھرتا ہے جناب سپیکر، ایک ایک پٹواری کے پیچھے جا کے، یہ ہم نے پچھلی دفعہ بھی کہا تھا، ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ ہم سارا ریکارڈ، جو ریونیو ریکارڈ ہے، اس کو کمپیوٹرائز کرینگے۔ تو ہمیں منسٹر صاحب بتائیں کہ کیا اس کیلئے کوئی منصوبہ بندی انہوں نے کی ہے، کوئی کام انہوں نے شروع کیا ہے؟ اور جو سب سے Important بات ہے جناب سپیکر، میں نے پچھلی بجٹ سپیچ میں بھی کہا تھا کہ ایبٹ آباد کے اندر دو دفعہ جناب، ایک کچھ دس دن پہلے اور ایک دفعہ کچھ چار سال، تین سال پہلے ریونیو کا ڈیپارٹمنٹ مل کر محافظ خانہ جلا دیتا ہے جناب سپیکر، اور اس دفعہ بھی تمام ریکارڈ انہوں نے جلا دیا، کسی کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں ہے۔ یہاں منسٹر صاحب آج بیٹھے ہوئے نہیں ہیں، میں مخدوم صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں، انہوں نے کہا ہے کہ اس دو مہینے کے اندر اندر ایبٹ آباد کا بندوبست ہم شروع کر دینگے کیونکہ ایبٹ آباد میں ریکارڈ موجود نہیں ہے، جل گیا ہے، محافظ خانہ جل گیا ہے۔ انہوں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کے بڑے ہوشیار لوگ ہیں، وہ کہتے ہیں کہ نہ رہے بانس اور نہ بجے بانسری۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہ بجے بانسری، بلکہ جناب، ان کی اپنی۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا غم ہی ختم کر رہے ہیں، تو آپ کیوں خفا ہو رہے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ سزا چاہیئے تھی، ان کو بھی اور ابھی جو اتنا بڑا حادثہ ہوا ہے، آج کسی کو پتہ ہی نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اگر گورنر ہاؤس نتھیا گلی کسی کو الاٹ کروادیں تو اس کا کوئی ریکارڈ نہیں ہے جناب سپیکر، کوئی ریکارڈ نہیں ہے کہ جو وہاں بڑے بڑے محلات بنے ہیں، کوئی واپس لے لیں، آج کوئی ریکارڈ وہاں موجود نہیں ہے۔ دو دفعہ ایسا حادثہ ہوا ہے، ہمیں بتایا جائے کہ کیا کوئی انکوائری ہوئی ہے، انکوائری ہوئی ہے تو ذمہ دار لوگوں کو کیا سزا ہوئی ہے؟ اگر یہی ہونا ہے کہ لوگوں کی زمینیں ایک دوسرے کی، یہ کل Litigation میں جناب سپیکر لوگ جائیں گے، یہ ہمارے لئے ایک بڑا مسئلہ بنے گا، آنے والی نسلوں کیلئے کہ وہ سارے لوگ Litigation میں داخل ہو جائینگے، تو یہ بہت بڑا سانحہ ہوا، ایبٹ آباد کے اندر۔ دو سانحے ہوئے ہیں، دوسرا سانحہ ابھی کچھ ہی دن ہوئے ہیں، مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ حکومت اور منسٹر صاحب اس پر ایکشن لیں گے۔

جناب سپیکر: جی نرگس ثمین بی بی، نرگس ثمین بی بی۔

محترمہ نرگس ثمین: سپیکر صاحب، زه ستاسو ډير زيات ټائم نه اخلمه ځکه چه زه ګورمه چه هر کس په جلدئ او په تادئ کښے دے۔ په دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: د مونږ ټائم دے، مونږ هم قضا کيږی۔

محترمہ نرگس ثمین: او جی، دا يو دوه خبرے کوم بس۔

جناب سپیکر: او مونږ لږ۔۔۔۔۔

محترمہ نرگس ثمین: سپيکر صاحب، يو دوه خبرے کومه۔ ريونيو سره زما ډيره واسطه پريوځی، مونږ د کلی خلق يو، د زمکو سره زمونږ تعلق وی نو مونږ چه ځو را ځو، مونږ ته پته نه وی زمونږ د زمکو، زما يو ليور دے، پټواری سره ملاؤ شوے دے، زمونږ ټولے زمکے ئے د هغوی په نامه کړے دی، هغه درے مياشتے ټائم ئے هم پرے تير کړے دے۔ زما په خيال دا پټواری منسټر هم دے او دا پټواری تحصيلدار هم دے، ده ته دا اختيارات کم کړئ۔ نمبر دو زه دا وايم چه دے پراپرټی باندے چه تاسو دا چار پرسنټ ټيکس کم کړو، دو پرسنټ مو کړو نو دا ډير زياتے دے۔ غريب سړی سره پلاټ چرته دے؟ پلاټونه خو د مالدار خلقو کار

دے۔ دے باندے دا چار پرسنٹ ٹیکس د پرے وی چہ دا ریونیو تہ پیسے راځی ولے چہ زمونږ غریبہ صوبہ دہ۔ د پراپرٹی کار خو لینڈ لارډ کوی، سمگلران ئے کوی، زمونږ پہ شان غریب کسان چرتہ پلاٹونہ اغستے شی؟ شکریہ۔

<u>Mr. Speaker:</u> Janab Naseer Muhammad Khan, withdrawn?

<u>*جناب نصیر محمد میداد خیل:*</u> جناب سپیکر، زہ پرے زیاتے خبرے نہ کوم۔ جناب سپیکر، دا د دے صوبے یو ډیر اہم محکمہ دہ جی او د ټولے صوبے زمکے سرہ د دے محکمے تعلق دے۔ دے صوبہ کښے یو بندوبست شوے دے 04-1903 کښے جی او بل بندوبست ورپسے اوشو،92-1991یا93-1992 کښے، نوے سال بعد۔ دا دویم بندوبست چہ کوم تیر شو، دے نہ پس 21سال تیر شول جی، زما ستاسو پہ حوالہ سرہ جناب وزیر صاحب تہ او د متعلقہ محکمہ چہ کوم ذمہ وار کسان دلتہ ناست دی، درخواست دے او حکومت تہ مے ہم دا درخواست دے، کہ دوئ یو طریقہ جوړہ کړی چہ دلتہ پہ دے صوبہ کښے اووہ ډویژنہ دی او اتم ډویژن جوړیږی لګیا دے نو کہ ہر ډویژن تہ دوئ درے درے کالہ ورکړی او Simultaneously ئے کیږدی نو پچیس سال پورے بہ د ہرے ضلعے ہر ډویژن مکمل بندوبست بہ ہم کیږی او ہغے سرہ سرہ اشتمال بہ ئے ہم کیږی۔ بدقسمتی دا دہ چہ 1903 کښے چہ کوم بندوبست شوے دے، چہ کلہ د 92-1991 بندوبست کیدو نو پہ ہغے کښے ئے ہغہ ریکارډ ہغسے کیښودو چہ کوم پہ -1903 04کښے شوے وو۔ دے وخت جناب سپیکر، حال دا دے چہ کلہ تاسو پټواری صاحب تہ یا چا متعلقہ ذمہ وار کسانو تہ لاړ شئ او خپلہ حصہ ترینہ غواړئ نو ہغہ پہ لکھونو کښے دہ جی، او دا پټواریان صاحبان خپل ریکارډ کتلو د پارہ، Maintain کولو د پارہ کمپیوټر ګرځوی د ځان سرہ یا کیلکولیټر ګرځوی، کیلکولیټر ہم ہغہ حصے نہ اخلی، نو زما ستاسو پہ توسط سرہ دے پورہ ایوان تہ او خاص کر د محکمہ مال چہ کوم منسټر صاحب ناست دے یا ذمہ وار کسان ئے ناست دی، دوئ تہ دا درخواست کوم چہ دوئ د دے صوبے ذمہ وار خلق دی، د صوبے د پارہ یو پروګرام جوړ کړی چہ ہر پچیس سال نہ پس بہ پہ ہر ډویژن باندے یو نمبر راځی او پچیس سال کښے بہ بندوبست ہم کیږی او ورسرہ اشتمال

به هم کیږی، دا نه چه 90 سال نه پس به خدائے خبر دے چه څوک به ژوندی وی، څوک به مړه وی۔ نو دا زما درخواست دے چه دا یو طریقه کار۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آنریبل ریونیو منسٹر صاحب۔ نگهت بی بی پاتے شوه، هغه نه وائی، هغه وائی زه به کمیټئ کښے خپلے خبرے کوم۔ ښه څه نگهت بی بی! ته خو دوه خبرے اوکړه، بس ستا خو شارټ کټ تقریر وی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، آپ کو تو اپوزیشن کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ آج ہم لوگوں نے گورنمنٹ کو یہ اختیار دے دیا کہ ہم صرف تین یا چار کٹ موشنز پہ بات کرینگے۔ درانی صاحب کی حکومت تھی تو اس وقت، یہ بشیر بلور صاحب ہمارے ساتھ ہی ہوتے تھے اپوزیشن میں، سارے محکموں پہ ہم لوگ کٹ موشنز پہ بات کرتے تھے، بہر حال میں اس پہ بات نہیں کرونگی، میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں اور یہ میری تجویز تھی جناب بشیر بلور صاحب کو اور میاں افتخار کو کہ آپ جائیں اور پارلیمانی لیڈروں سے بات کریں تاکہ اس کو اچھے طریقے سے اور ایک اچھے ماحول میں پاس کرایا جائے، بجائے اس کے کہ اگر آپ لوگ زبردستی کرینگے تو یہاں سے بھی شور شرابہ ہوگا۔ یہ میری آج ایک تجویز تھی جو بشیر بلور صاحب کو میں نے دی تھی، میاں افتخار صاحب کو دی تھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو کوشش ہوئی ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بہر حال جناب سپیکر صاحب، میں اس محکمے کی طرف آتی ہوں جو کہ ریونیو اور اسٹیٹ کا ڈیپارٹمنٹ کہلاتا ہے۔ میرے محترم جو منسٹر صاحب ہیں جناب سپیکر صاحب، پچھلے دور میں بھی ہم نے پانچ سال اکٹھے گزارے ہیں اور ابھی بھی تین چار سال ہمیں ہوگئے ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس تو ابھی اختیار آگیا ہے لیکن چونکہ یہ ابھی نئے ہیں تو اتنے زیادہ ان پہ Blames نہیں آتے ہیں اور یہ ایک ایماندار آدمی بھی ہیں کیونکہ پچھلے دور میں بھی میں ان کے ساتھ تھی، ابھی بھی میں ان کے ساتھ ہوں لیکن جناب سپیکر صاحب، ان سے پہلے جو دو منسٹر تھے، ان کے پاس تو یہ اختیار تھا ہی نہیں، جناب سپیکر صاحب، وہ اختیار تو نہ پارلیمنٹیریز کے پاس تھا، نہ منسٹر کے پاس تھا، وہ تو کسی Unelected آدمی کے پاس تھا جو کہ پٹواریوں کو کبھی ادھر سے ادھر اور کبھی تحصیلدار کو ادھر سے ادھر۔ جناب سپیکر صاحب، اگر آپ کہیں تو میں کسی بھی کمیٹی میں آپ کو پروف لاکر دے سکتی ہوں کہ یہاں پہ میں ایک بندے کو Mention کر رہی ہوں، اس کا نام ہے محمد امین، یہ ہمارے ارباب غلام حیدر کا بیٹا دوسرے نمبر پہ آیا امتحان میں اور انٹرویو میں، اس کو چھوڑ دیا گیا جناب سپیکر صاحب اور باقی مل ملاپ کرکے جونیئرز کو لیا گیا اور

یہ میں نے ایس ایم بی آر صاحب سے بھی بات کی ہے، ایس ایم بی آر صاحب چونکہ بہت نیک آدمی ہیں، ایماندار آدمی ہیں لیکن ضروری نہیں ہے کہ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اگر ایماندار ہو تو اس کے جو Subordinates ہوتے ہیں تو وہ بھی سارے ایماندار ہوں، ان پہ کڑی نظر رکھنی چاہیئے جناب سپیکر صاحب، اور جو ایبٹ آباد کی بات ہوئی ہے، اس پہ باقاعدہ ایک انکوائری کمیشن مقرر کرنا چاہیئے کیونکہ جو باتیں عباسی صاحب نے کی ہیں، بلکہ ایک انکوائری اس پہ مقرر کیجائے تاکہ پتہ چلے کہ یہ کس نے کیا ہے؟ کیونکہ یہ بہت Important ہے، میرے خیال میں سو کنال یہ جگہ ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دوسری بات جو میں کرنا چاہتی ہوں، یہاں پہ ایک ڈی آر او صاحب تھے اور وہ یہ برملا کہتے تھے، میرے یہاں پہ بہت ایم پی ایز، شاید ابھی یہاں سے اٹھ کے چلے بھی گئے ہوں لیکن میرا ساتھ ضرور دینگے کہ وہ یہ کہتے تھے کہ مجھے تو یہاں سے کوئی طاقت بھی نہیں ہلا سکتی اور وہ باقاعدہ لوگوں سے Monthly بھی لیتا تھا اور باقاعدہ یہ بات ایس ایم بی آر صاحب کو بھی میں نے بتائی تھی، یہ بات میں نے کمشنر صاحب کو بھی ٹیلیفون پہ بتائی تھی کہ جو بھی ان کے منظور نظر لوگ ہوتے تھے ان کو وہ باقاعدہ Oblige کرتا تھا اور جو منظور نظر نہیں ہوتے تھے، ان کے ٹرانسفر یہاں سے وہاں پہ، جناب سپیکر صاحب، ہماری بات کرنے کا مطلب یہاں پہ یہ نہیں ہوتا کہ ہم کسی پر تنقید برائے تنقید کریں، چونکہ منسٹر صاحب نئے آ گئے ہیں، ابھی ان کے پاس چارج ہے اور فل اختیار ہے ابھی، پہلے منسٹروں کے پاس کوئی اختیار نہیں تھا اور دوسری جو میں ایک تجویز دینا چاہتی ہوں جناب سپیکر صاحب، آپ کے Through اپنے پارلیمنٹیریز کو کہ خدا کیلئے، جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے Through اپنے پارلیمنٹیریز کو ایک تجویز دینا چاہونگی، ایک ریکویسٹ کرنا چاہونگی کہ خدارا ان پٹواریوں اور ان تحصیلداروں کو کندھا دینا چھوڑ دیں تو تب یہ ٹھیک ہونگے (تالیاں) ورنہ تو یہ بے تاج بادشاہ ہیں، کوئی کسی کو کیا کر دے؟ جب تک ہم پارلیمنٹیرین ان کا ساتھ نہیں چھوڑینگے تب تک جناب سپیکر صاحب، نظام ٹھیک نہیں ہوگا۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی منور خان۔ منور خان! مختصر بنه جی۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب، ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں کمپیوٹرائزیشن کا ان کا کوئی پروگرام ہے کہ نہیں ہے؟ کیونکہ جب تک یہ کمپیوٹرائزڈ نہیں ہوگا، پٹواریوں کی جو Monopoly ہوگی، وہ اسی طرح رہے گی سر۔ دوسری سر، نگہت بی بی کی جو بات تھی ایس ایم بی آر کے بارے میں، یقیناً اس

اسمبلی میں بھی ایس ایم بی آر کی Honesty کی کافی باتیں ہوئی ہیں سر، پچھلے دور میں منسٹر صاحب کے، اس میں کم از کم مجھے کوئی پٹواری نہیں آیا کہ مجھے ٹرانسفر کرو۔ میں ایس ایم بی آر صاحب کو ٹھیک ہے یہ کہہ سکتا ہوں، کہتا ہوں کہ سر پٹواریوں کے ٹرانسفرز وغیرہ کو تو آپ نے کنٹرول کر دیا ہے لیکن ڈسٹرکٹ میں جو ڈی او آر بیٹھے ہیں سر، آجکل ان کو پتہ ہی نہیں ہوتا لیکن وہاں پہ ایسے ٹرانسفرز ہوتے ہیں، ایس ایم بی آر صاحب Ban لگاتے ہیں لیکن وہاں پہ ٹرانسفر وہ کرتے ہیں سر، میری ریکویسٹ ہوگی منسٹر صاحب سے، ایس ایم بی آر صاحب سے کہ ڈی او آر پہ ذرا چیک رکھیں، خاصکر لکی مروت کی بات میں اسلئے Mention کرتا ہوں سر کہ وہاں کا ڈی او آر ساڑھے چار سال سے بیٹھا ہوا ہے اور کوئی اس کو ہٹا نہیں سکتا اور کرپشن کے بارے میں چونکہ میرے پاس ابھی اس کے ثبوت ہیں ہی نہیں کہ میں پیش کر سکوں لیکن Actually سر، لوگ ان سے کافی تنگ ہیں۔ تھینک یو، سر۔

Mr.Speaker: The motion before the House is: “that a sum not exceeding rupees one billion, 92 crore, 93 lac, 97 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of a payment for the year ending 30th June 2012, in respect of Administration of Justice”. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 11, therefore, the Question before the House is that Demand No. 11 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr.Speaker: The ‘Ayes’ have it; the Demand is granted. Demand No. 12: The honourable Minister for Higher Education, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 12.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): بسم اللہ الرحمان لرحیم۔ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ چار ارب 73 کروڑ 98 لاکھ 91 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران اعلیٰ تعلیم، دستاویزات و کتب خانوں کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr.Speaker: The motion before the House is: “that a sum not exceeding rupees four billion, 73 crore, 98 lac and 91 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Higher Education. Since all the honourble Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 12-----

(شور)

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر، پہ دے زمونږ کټ موشنز شته۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): زمونږ کټ موشنز شته۔

جناب سپیکر: نه هغه خو ایلیمنټری نه وو؟

قائد حزب اختلاف: نه نه جی، دا پکښے وو، ایلیمنټری -----

جناب سپیکر: دا یو ریکویسټ به اوکړو چه صرف پرے دا پارټی لیډرز اوکړئ چه یوه پالیسی، لږ مختصر مختصر پالیسی ورکړئ۔ مسټر اکرم خان درانی صاحب۔ که پارټی لیډر نه وی نو تاسو وړسے سیکنډ اینډ کمانډ واخلئ۔

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب، زه پچاس کروړ روپئ کټوتی تحریک پیش کومه په دے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty crore only. Haji Qalandar Khan Lodi Sahib, please.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، ایک سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr.Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، میں بارہ لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ کا کالج ہو جائیگا، وہ تو Commitment کی ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر بعد میں واپس کرونگا، قاضی صاحب میرے پاس وہ ہیں۔

Mr.Speaker: The moion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twelve lac only. Sardar Shamoon Yar Khan. please.

سردار شمعون یار خان: میں بیس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr.Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty thousand only. Shah Hussian Khan, to please move his cut motion.

جناب شاہ حسین: جناب سپیکر زه د تین سو تینتیس روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

جناب سپیکر: صرف 133۔

Mr. Shah Hussain Khan: Tripal three.

Mr.Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three hundred and thirty three only. Mufti Sahib, Mufti Kyfaitullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: دا درانی صاحب جی د خپل حیثیت مطابق کټ موشن پیش کړے دے، زه غریب سړے یم زه د پانچ لاکھ روپو پیش کوم۔ (ہنسی)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Malik Qasim Khan Khatak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: نه دا اوس دے ستیج کبنے ملک صاحب! تاسو کټ کولے نه شئ، زیا تولے نه شئ۔ تاسو مخکبنے څومره پیش کړے دے ؟

ملک قاسم خان: پانچ سو۔

جناب سپیکر: نو بس هم هغه به پیش کوئ۔

ملک قاسم خان: پانچ سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr.Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Javad Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: محمد زمین خان۔

جناب محمد زمین خان: مهربانی جناب سپیکر۔ چونکه ما-----

Mr. Speaker: یو منټ، ایک منٹ۔ The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Now Zamin Khan Sahib.

جناب محمد زمین خان: ډیره مهربانی، جناب سپیکر۔ ما چونکه پچاس کروړ روپئ د کټوتی تحریک پیش کړے وو، چونکه درانی صاحب هم پچاس کروړ روپئ دغه کړے دے نو زما په خیال زما د دے ضرورت پاتے نه شو، زه Withdraw کومه۔

Mr. Speaker: Withdrawn, Zamin Khan, withdrawn . Munawar Khan Sahib.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر میں بیس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House,

قاضی صاحب! ہزارہ کا بلاک آپ کو نہیں چھوڑے گا، لگ رہا ہے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty thousand only. Nargis Samin Bibi.

محترمہ نرگس ثمین: جناب سپیکر صاحب، میں چار ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four thousand only .Naseer Muhammad Khan! Withdrawn?

جناب نصیر محمد میداد خیل: نہ جی۔ جناب سپیکر، اپنے علاقے کے ساتھ نیکی کرنے میں جناب وزیر صاحب کا شکریہ ادا کر کے یہ کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you, withdrawn.

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جی د دوئ مشرانو سره خبره هم شوے ده، تاسو هم یو خبره اوکړه او دا دی پاؤ کم نهه شوے نو بیا به هغه خبره دغه کیږی نو دوئ د د خپل زړه خبره اوکړی خو مختصر د اوکړی او صرف مشران د اوکړی۔ یو ځل دا خبره سر ته رسیدلے وه نو که نه وی نو بیا خو به هم هغه شکل بیا اختیارېږی، مونږ خو دا خبره یو ځل کړے ده نو د دوئ په خواهش روان یو، اوس که دوئ هغے کبنے هم د ومره گزاره نه کوی۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: مونږ جی ډیرے مینے سره۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: نه جی، مونږ خو ډیر په مینا لگیا یو او دوئ خامخا دا مینه چه کوم دے، د مینے امتحان اخلی نو لږه گزاره بنه شے دے جی، تاسو دا خپل رولنگ هم ورکړو چه مشران، نو مشران د اوکړی جی چه دا خبره راغونډه شی جی۔

جناب سپیکر: دا زما خپله هم خواهش دے چه مشران پکبنے د پارټئ خپل Consent ټول هغوی اوکړی نو ډیر به بنه وی۔ نگهت یاسمین صاحبه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں یہ اپنی تحریک Withdrawاس لئے کر رہی ہوں، اس لئے کر رہی ہوں، منسٹر صاحب کیلئے نہیں کر رہی ہوں کیونکہ منسٹر صاحب نے ایجوکیشن کے ساتھ کوئی اچھا کام نہیں کیا لیکن میری یہاں پہ ایک محترمہ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن بیٹھی ہوئی ہیں، وہ اس ایجوکیشن کیلئے کام بھی کر رہی ہیں اور افتخار حسین شاہ صاحب کے زمانے سے ان کے ساتھ چونکہ اچھے مراسم تھے تو ان کی وجہ سے میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لے رہی ہوں جناب۔

جناب سپیکر: زبردست، تھینک یو۔ دا Withdrawn شو کنه، Withdrawn۔ اکرم خان درانی صاحب، پلیز۔

قائد حزب اختلاف: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: بس یہی گزارش ہے کہ جتنا مختصر بول سکیں تو آپ کا بھی ٹائم بچ جائے گا۔ جی مختصر، اکرم خان درانی صاحب، فرسٹ جی۔

قائد حزب اختلاف: میں انشاء اللہ کوشش کروں گا سپیکر صاحب، لیکن جس طرح منسٹر کی کارکردگی ہوگی، اگر اچھی ہے تو جلدی کام کریں گے، اگر تھوڑی اس میں کمزوری ہے تو لمبی (بات) کریں گے۔ یہ تو ضروری ہے اس لئے جی کہ آپ دیکھیں کہ ہائرایجوکیشن یا تعلیم جو ہے، تعلیم پہ قومیں بنتی ہیں اور یہ بنیاد ہے، ترقی کیلئے ایک زینہ ہے۔ جس قوم میں تعلیم نہ ہو وہ قوم کبھی ترقی کی منزل پار نہیں کرسکتی اور جن قوموں نے ترقی کی ہے، انہوں نے تعلیم کی بنیاد پہ کی ہے اور آج کا دور جو ہے، وہ تو میرے خیال میں انتہائی اہم دور ہے جو کہ Competition کا ہے اور اس میں جس قوم نے تعلیم زیادہ کی ہے، کوالٹی ایجوکیشن، ابھی بات یہ ہے کہ ہمارے ہائرایجوکیشن جس کے ساتھ ابھی یونیورسٹیوں کا تعلق بھی ہے، ڈگری کالج بھی ہیں، میل بھی، فیمیل بھی ہیں، اگر اس کے وزیر صاحب کی کارکردگی یہ ہو کہ وہ تین سالوں میں کہیں پہ بھی یہ ضرورت محسوس نہ کریں کہ پچیس اضلاع میں سے ایک ضلع میں جاکر وہاں کالج کے پرنسپل کے ساتھ، وہاں Elected لوگوں کے ساتھ، وہاں پر لیکچررز کے ساتھ میں ملوں کہ آپ کے کالج کے مسائل کیا ہیں، آپ کو تکلیف کیا ہے؟ میں تو میاں نثار گل صاحب کا انتہائی مشکور ہوں کہ اس نے ان پہ تین چار مہینے محنت کرکے کم از کم کرک تک تو لے گئے، یہ بھی ہمارے لئے بہت اچھی بات ہے، ہم اس کو سراہتے ہیں، ہدایت اللہ خان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں، بابک صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ بھی ساتھ گئے تھے اور کالج کا افتتاح ہوا تھا۔ وہ مجھے معلوم نہیں کہ اس گورنمنٹ میں بنا تھا یا میری گورنمنٹ میں اس پر کام ہوا تھا لیکن بہر حال اس کا افتتاح ہوا۔ ابھی جی میں آپ کی بات کو سامنے رکھتے ہوئے اور ادھر سے میاں صاحب بھی اشارہ کررہے ہیں کہ پونے نو بج رہے ہیں ورنہ میرے پاس تو اتنی لمبی تقریر ہے کہ شاید میں اس پہ کل تک بھی بات کروں تو ختم نہیں ہو سکے گی لیکن میں ایک دو تجاویز دے رہا ہوں۔ ایک تو یہ ہے-----

جناب سپیکر: اگر یہ قاضی صاحب وعدہ کریں کہ سارے کالجوں کا وزٹ کرے گا تو پھر معاف ہو جائے گا؟

قائد حزب اختلاف: جی؟

جناب سپیکر: اگر قاضی صاحب وعدہ کریں کہ میں سب کالجوں کا وزٹ کروں گا تو-----

قائد حزب اختلاف: کالج کا وزٹ بھی کروں گا، وہاں پر میں معلوم کروں گا کہ کالج میں سٹاف کی کتنی کمی ہے؟-----

جناب سپیکر: نہ وہ تو ہو گا وہاں پر-----

قائد حزب اختلاف: پانی کی سہولت کالج میں ہے کہ نہیں ہے، وہاں پر لوڈ شیڈنگ سے طلباء عذاب میں ہیں، یونیورسٹی میں بھی اور کالج میں بھی وہاں پر ان کیلئے کوئی جنریٹر کا انتظام ہے کہ نہیں ہے؟ اگر وہاں پر Exams ہو رہے ہیں اور اس جولائی کے مہینے میں ہوں، جو کہ پشاور یونیورسٹی میں 4 جولائی کو رکھے گئے ہیں اور وہاں پر بجلی بھی نہ ہو، وہاں پر پسینہ بھی آ رہا ہو تو میرے خیال میں وہ پیپر تو طالبعلم نہیں کر سکتا۔ اگر ہم توجہ نہیں دیں گے، وہاں پر اس بجلی کی لوڈ شیڈنگ پہ، اس کے جنریٹر پہ، اس کیلئے تیل پہ اور وہاں پر اگر کسی کالج میں پورے سیشن میں ایک سبجیکٹ کا لیکچرر بھی نہ ہو تو اس میں وہ سٹوڈنٹ Exam کس طرح دے گا؟ باقی اگر غیر حاضری آپ دیکھیں، جب کوئی منسٹر کسی ضلع کو نہیں جائے گا تو آپ کو کس طرح معلوم ہو گا کہ وہاں پر میرے لیکچررز روزانہ کالج کو آ رہے ہیں یا وہاں پر وہ غیر حاضر ہیں؟ تو ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے میری گزارش یہ ہو گی کہ ابھی اس پہ اور بھی بوجھ بڑھ گیا ہے جو کہ یونیورسٹیوں کا بھی ہے اور ابھی چونکہ ہم تو صوبائی خود مختاری اور پورے اس حق میں ہیں کہ اختیارات صوبے تک ہوں لیکن اگر اس میں صرف بات یہ ہو کہ یہاں پر تقریباً بارہ، تیرہ، پندرہ یا بیس یونیورسٹیاں ہوں اور ان میں سے ریلیز صرف ایک یونیورسٹی کیلئے یا دو یونیورسٹیز کیلئے ہو اور باقی آپ قوم کے سامنے نہیں بتا سکیں گے کہ کسی یونیورسٹی کو کوئی ریلیز بھی ہے تو یہ تعلیم کا معیار نہیں ہے۔ تو میری بڑے ادب سے گزارش ہے کہ ایک تو وہاں پر جو کالج میں کمی ہے، اے ڈی پی میں تو ہم اس کیلئے رکھتے ہیں کہ یہ اس کے پانی کیلئے ہے، ٹیوب ویل خراب ہے اس کی مرمت کیلئے ہے اور جب وہاں سے پی سی ون آتا ہے تو اس منسٹری کا کوئی آدمی اس کو آگے تک Pursue بھی نہیں کر سکتا کہ واقعی اس کو یقینی بنائے اور ممبروں کا تو اپنا حال ہے، میں نے کل بھی بتا دیا کہ وہ بیچارے تو اس کے پیچھے جاتے ہیں اور سٹاف کی عجیب سی بات ہے، یہ چار کالجز Complete ہیں جی، تین Complete ہیں، گورنمنٹ ڈگری کالج محمد خیل بنوں، گورنمنٹ ڈگری کالج لنڈی جلندر بنوں، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج متھرا پشاور، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چغر مٹی پشاور، اب حیرانی کی بات جو میں کہہ رہا ہوں، وہ سپیکر صاحب! یہ ہے کہ آپ کا تو ہم احترام بھی کرتے ہیں اور آپ سے ڈرتے بھی ہیں کیونکہ آپ کی چیئر ہے، آپ کا کالج 2012ء میں Complete ہو گا اور اس کا پورا سٹاف مکمل کیا گیا ہے،

2012 میں مکمل ہو گا، میں خوش ہوں ، میں نے یہی بات کی تھی کہ 2012ء میں اگر بنا ہو، اس کو بھی سٹاف بھیجیں لیکن میرے جو ڈگری کالج محمد خیل اور لنڈی جلندر ہیں، ان کی سب چیزیں ہیں لیکن ان کو رکوایا گیا ہے کہ اس کو جولائی میں ہم کریں گے، جون تک اس کو ہم نہیں کر سکتے۔ یہ پیمانہ کیا ہے، یہ کونسا پیمانہ ہے ؟۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ اس کا جواب میں دوں گا جی، مجھے پتہ چلا کہ پانچ کالجز اور ہیں جن کی بلڈنگز خراب ہو رہی ہیں اور دو کالجز جو آپ نے Mention کئے ہیں، میرے علاقے میں تو میرے خیال میں میں نے خصوصی ریکویسٹ کی تھی کہ یہ پانچ اور یہ دو، تو سات کا سٹاف فوراً کسی صورت یہ جلدی ہو جائے تو Next coming year میں۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: اس پہ میں آپ کا شکریہ ادا کرنے والا تھا، مجھے یہ معلوم تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سات کالجز کا۔

قائد حزب اختلاف: یہ آپ اس میں دلچسپی نہ رکھتے، آپ کی طرف سے کچھ ہدایات نہ ہوتیں تو غالباً میرے منسٹر صاحب کو یہ معلوم نہیں ہے کہ کہاں پر سٹاف کی کمی ہے، کہاں پر ضرورت ہے، تو اسی بنیاد پہ بہت سی باتیں ہیں انشاء اللہ، آپ نے آج کہا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میرے خیال میں آج جس طرح ہم سب بیٹھے تھے نا، تو اس کا حل وہی ہے کہ ہم سب مل بیٹھ کے اور ان کو۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: بیٹھیں گے جی۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔

قائد حزب اختلاف: لیکن بیٹھنے کیلئے کوئی آدمی تو ملے نا۔

جناب سپیکر: نہیں، قاضی صاحب بھی ہوں گے اور یہ۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: اسمبلی میں بھی کچھ لوگ بہت کم حاضری سیشن میں دیتے ہیں اور جب وہ سیشن میں بھی حاضری نہیں دیں گے تو پھر ہم کس کے پاس جائیں ؟ اس میں جی باقی میرے پاس کافی لسٹ ہے، ابھی آپ نے کہا کہ جب بجٹ ختم ہو گا تو میں اسمبلی کا اجلاس جاری رکھوں گا اور جس آدمی کے پاس کچھ ہے تو اس کیلئے میں موقع دوں گا تو باقی چیزیں، آپ کی جو ہدایات ہیں اور میاں صاحب کے جو اشارے ہیں، اس پہ میں ابھی انشاء اللہ اپنی بات ختم کرتا ہوں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you ji, thank you.

قائد حزب اختلاف: لیکن مجھے امید ہے کہ آپ اس کالج کو اور اس ادارے کو اہمیت دیں گے۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ، انشاء اللہ۔

قائد حزب اختلاف: اس ادارے کو اہمیت دیں گے، یونیورسٹیوں کو دیں گے، اس پہ آپ ذاتی طور پہ کچھ اقدامات کریں گے تو یہ مسئلہ ٹھیک ہوگا۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔ بشیر بلور صاحب بیٹھے ہیں، میاں صاحب بیٹھے ہیں، جس طرح ابھی ہم سب بھائیوں کی طرح بیٹھ گئے۔ اسی طرح میاں صاحب یاد دلائیں گے، میاں صاحب یقین دہانی کرا رہے ہیں اگر اس پہ آپ سارے کٹ موشنز واپس لیتے ہیں تو بڑی اچھی بات ہوگی۔

قائد حزب اختلاف: میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ سارے بھائی، سارے دوست۔

آوازیں: نہیں جی، نہیں۔

جناب سپیکر: آپ کے لیڈر کر رہے ہیں، آپ نہیں کر رہے۔ بسم اللہ پڑھیں، ان کی باتیں Repeat نہیں ہوں گی۔ ایک ایک منٹ، ایک ایک منٹ جی۔ پہلے قلندر لودھی صاحب۔ ون بائی ون۔ قلندر خان لودھی صاحب۔ ایک ایک منٹ سے زیادہ نہیں جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: اپوزیشن لیڈر صاحب نے بات کی، جتنا بڑا اتنی بڑی ذمہ داری اور اتنی زیادہ پریشانیاں بھی ہوتی ہیں۔ چونکہ انہوں نے اپنے دور میں ماشاء اللہ اپنے حلقے میں کالجز دیئے تھے، ان میں کافی سارے کام رہتے ہیں۔ چونکہ میری تو ایک معصوم سی Constituency تھی، اس میں صرف ایک کالج ہے، میں مشکور ہوں گورنمنٹ کا، وزیر اعلیٰ کا، وزیر کا، سیکرٹری کا اور سی پی او کا اور پھر اپنے ایم پی ایز ڈسٹرکٹ مانسہرہ اور ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کا کہ جنہوں نے Unanimously میری سپورٹ کی اور مجھے ایک کالج فیمیل کیلئے ملا سرکل قلندر آباد میں، جس سے میری بچیاں، Backward علاقے کی غریب بچیاں تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوں گی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

حاجی قلندر خان لودھی: تو میں ان کا مشکور ہوں اور ساتھ ہی میں پھر ورکس اینڈ سروسز سیکرٹری کا انتہائی مشکور ہوں کہ انہوں نے اچھی فرمیں مجھے دیں۔ جن کے ساتھ ان کا جو ٹینڈر ہوا ہے تو اس میں اگرچہ اس کی Allocation بیس کروڑ تھی لیکن میرا کام Near to completion ہے اور ٹھیکیداروں نے

نہیں دیکھا ہے کہ مجھے Payment کب ہو گی؟ ابھی تک صرف آٹھ کروڑ روپے ریلیز ہوئے ہیں۔ میں ان سب سے یہی توقع کرتا ہوں کہ یہ چونکہ میرا کام تھا اور Complete ہو گیا ہے، تو یہ ابھی اسی سال میں انشاء اللہ مجھے پوری اس کی Allocation دیں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> انشاء اللہ۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> اور ساتھ میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ میرا جو میل کالج ہے شیروان، اس میں تھوڑا سا میرا اسٹاف کم ہے، وہ مجھے یہ دیں گے اور میں اسی کے ساتھ، شکریے کے ساتھ اپنی کٹ موشن کو واپس لیتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you; withdrawn.

<u>جناب سپیکر:</u> اورنگزیب خان نلوٹھا صاحب۔ کوشش کریں جی، بہت طویل لسٹ ہے کہ۔۔۔۔۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> سپیکر صاحب! سپیکر صاحب، آپ نے دو تین دفعہ میرے اس کالج کی بات کی لیکن قاضی صاحب نے ایک دفعہ بھی سر نہیں ہلایا۔ بہر حال میرا کام قاضی اسد صاحب کریں یا نہ کریں، آپ نے ہزارہ کی بات کی تو میں ہزارہ کی لاج رکھتے ہوئے اپنی کٹ موشن واپس کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> بہت بہت شکریہ۔ سردار شمعون مہتاب صاحب، سردار شمعون۔۔۔۔۔

<u>سردار شمعون یار خان:</u> شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تقلید کریں اپنے نلوٹھا صاحب کی۔

<u>سردار شمعون یار خان:</u> جی بالکل۔ یہ بالکل صحیح بات کی ہے نلوٹھا صاحب نے، ان کا خیال رکھتے رہیں منسٹر صاحب اور میں صرف یہ بات کرنا چاہوں گا جی کہ تمام ڈیپارٹمنٹس کی طرح ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بہت ساری اصلاحات کی ضرورت ہے جو کہ میرا خیال ہے کہ یہاں پہ ان کے ڈیپارٹمنٹ کے اور لوگ بھی موجود ہیں اور باقی منسٹرز بھی موجود ہیں، یہ ضرور منسٹر صاحب کو گاہے بگاہے کہتے رہے ہوں گے کہ کن کن چیزوں پہ اور کس کس موقع پہ اس کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے اور یہ بالکل اس میں کوئی شک نہیں کہ قاضی صاحب بہت شریف آدمی ہیں پر انہوں نے میرا خیال ہے کہ کسی کی بات نہیں سنی اور آپ نے ایک مثال دی ہے کہ ہری پور ایک بہت ہی بڑا ڈسٹرکٹ ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے اور میرا خیال ہے کہ ان کے خیال میں صرف ہری پور کو ہی ضرورت تھی کہ وہاں کے باسیوں کو ہی اعلیٰ تعلیم دی جائے سر، تو باقی ڈسٹرکٹس جن کو نظر انداز کیا گیا ہے، ان کا کوئی حق نہیں بنتا ہے اس میں کہ ان کو بھی اس کا برابر

حصہ دیا جائے؟ ٹھیک ہے اگر وہاں پر حکومت کے پاس اتنا سرمایہ موجود نہیں تھا کہ وہ نئے کالجز بنادے ہر ڈسٹرکٹ میں تو باقی جو پہلے سے موجودہ تمام کالجز ہیں، ان کو بہتر کیا جائے، ان کی Extension کی جائے۔ اسی طرح سے اس چیز کو آگے بڑھانا ہے نہ کہ ہم ایک چیز کو محدود جگہ پر لیجا کر ختم کردیں، تو میری یہ ان سے گزارش ہے کہ شہری علاقوں کے علاوہ جو دیہی علاقے ہیں، ان کے اوپر بھی توجہ دی جائے۔ یہاں پہ تمام ممبرز جو بیٹھے ہیں، یہ سب شہری علاقوں سے منتخب ہوکر نہیں آئے ہیں، یہاں پر دور دراز علاقوں سے ممبرز منتخب ہوکر آئے ہیں، ان تمام کا حق بنتا ہے کہ اس میں ان کو حصہ دیا جائے اور میری ریکویسٹ ہے، یہ ان سے میں کہوں گا کہ اس چیز کو آپ اصولی طور پر توجہ دیں اور ایک اور چیز آخر میں، مجھے پتہ چل گیا ہے کہ فرسٹ ایئر کے جو داخلے ہوتے ہیں، اس کیلئے Affidavits کی شرط رکھی گئی ہے تو اگر کوئی فرسٹ ایئر کے چار کالجز میں کسی میں داخلہ لینا چاہے تو اس کو چاروں یا پانچوں میں داخلہ لینے کیلئے Affidavit جمع کرانا پڑے گا تو اس شرط کو اس بنیاد پر چھوڑ دیا جائے کہ جہاں پر اس کو داخلہ ملے، وہاں پہ وہ اس Affidavit کو جمع کرائے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر قاضی صاحب میری گزارشات پہ تھوڑی توجہ دیں تو مجھے یقین ہے کہ اس دفعہ ـــــ

Mr. Speaker: Thank you.

سردار شمعون یار خان: تو میں اپنی کٹ موشن۔

Mr. Speaker: Thank you, thank you ji. Shah Hussain Sahib.

جناب شاہ حسین خان: امجدافریدی صاحب سفارش کړے وو جی، واپس اخلم۔

جناب سپیکر: شاہ حسین، (قہقہہ) د امجدافریدی صاحب په سفارش، شکریه، تهینک یو۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: میں جی ایک مختصر سی بات کرنا چاہتا ہوں۔ یہاں ضلع مانسہرہ کے ایم پی ایز موجود ہیں، وہ اتفاق کریں گے۔ سپیکر صاحب! جس حلقے سے میں منتخب ہوا ہوں، وہ مانسہرہ میں Well educated area ہے اور میں تین سالوں سے یہ درخواست کرتا رہا ہوں کہ خدا کیلئے میرے لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہ کی جائے اور مجھے کالج دیا جائے۔ سپیکر صاحب، آپ میری پوزیشن دیکھتے ہیں، میں مستند عالم دین ہوں اور میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ مجھے بوائز کالج نہیں چاہیئے، مجھے گرلز کالج چاہیئے ـــــ

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھی بات ہے، بڑی بات ہے، Encouraging بات ہے۔

مفتی کفایت اللہ: اور جناب سپیکر، میں اس لئے یہ فریاد آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ فزیبلٹی رپورٹ کے مطابق کالج بننا چاہیئے شکنیاری میں، جو تحصیل لیول کا مقام ہے اور بفہ میں جو تحصیل لیول کا مقام ہے اور بیر گونڈ میں، وہاں میری وہ بچیاں جوانٹر، بارہویں پڑھ گئیں، آگے جانے کیلئے وہاں کا ماحول نہیں ہوتا تو وہ بچیاں تھالو چلی جاتی ہیں۔ جناب سپیکر، ہمارا معاشرہ تو ایک جیسا ہے، ہمارا والد اپنی بیٹی کو بغیر کسی محرم کے بھیجنا پسند نہیں کرتا۔ اگر راستے میں کوئی آدمی جاتا ہے اور وہ 'اووئے' کر لیتا ہے تو اس سے لڑائی شروع ہو جاتی ہے اور یہ میں لڑکوں کیلئے اس لئے نہیں کہہ رہا کہ لڑکا ایبٹ آباد تک سفر کر سکتا ہے اور میری بچی تو ایبٹ آباد تک سفر نہیں کر سکتی اور میں نے قاضی صاحب کی کونسی منتیں نہیں کیں؟ ان کو اچھی طرح اندازہ ہے لیکن میری یہ بات نہیں سنی گئی۔ آج اگر ایوان میری اس فریاد کو سامنے رکھے اور قاضی صاحب یہ کہہ دیں کہ میں انشاء اللہ عوام کی بچیوں کیلئے کالج کا انتظام کروں گا تو میں پھر اپنی کٹ موشن کو Withdraw کروں گا اور جناب سپیکر صاحب، اگر قاضی صاحب یقین دہانی نہیں کریں گے تو میں ناراض ہوں گا، میں شور کروں گا، میں واک آؤٹ کروں گا، میں وہاں بیٹھوں گا اس لئے کہ میری بچیوں کی تعلیم پر پابندی لگ گئی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب قاسم۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریه جناب سپیکر۔ لکه څه رنګ چه مفتی کفایت الله صاحب اووئیل-----

جناب سپیکر: وایه وایه، جی بسم الله۔

ملک قاسم خان خٹک: د هائر ایجوکیشن نه زمونږ دغه ګیله ده چه اوسه پورے چه څومره پورے دا ګورنمنټ راغلے دے، د دوئ د کالجونو تقسیم معیار څه دے، چه چرته ضرورت دے هلته ئے نه ورکوی۔ زمونږ په خپله حلقه کښے لتمبر جی دومره Educated علاقه ده چه هغه د BBC questioner ده او هغلته څلورم کال دے، زمونږ بار بار په فزیبلټی لحاظ سره په ټوله صوبه کښے چه کوم دے لتمبر فرسټ راځی، هلته سخت د ګرلز کالج ضرورت دے، که چرے قاضی صاحب راته دا یقین دهانی اوکړی، بار بار د دے خلقو سره ناانصافی کیږی جناب والا، چه هغه کم ازکم د جینکو د پاره هلته کښے د کالج انتظام اوشی۔ بله خبره جی دا ده د کرک ضلع د ایجوکیشن نه پته اوکړه چه دے باندے مے ګورے کوئسچن

دے ، مونږ بار بار لگیا یو چه کرک ته یونیورسټی او دے معزز ایوان باقاعده متفقه قرارداد پاس کړے دے چه دے کرک کښے دا یونیورسټی جوړه شی او فی الحال د کیمپس نه ابتداء اوشی خو چونکه قاضی صاحب سره هیڅ غم نشته، مونږ بار بار ریکویسټونه کوؤ او بار بار اعلانونه کیږی نو زه قاضی صاحب ته دا درخواست کوم چه په دے فلور باندے دا اووئی، زما خپلے حلقے نه Thousand graduates yearly فارغیږی خو هغلته یونیورسټی نشته او چترال چه چرته تعلیم نشته، هغه څه شوی دی چه کرک ته نه ورکوی او چترال ته ئے یونیورسټی ورکړله؟ نو زه د قاضی صاحب نه دا امید لرم چه په دے اسمبلی فلور باندے به دغه نمونه اعلان کوی گنی ما خو دغه لوبه ده چه دا کوم مفتی صاحب وائی خو دا وعده ورسره کوؤ او دلته کښے به شور کوؤ او مونږ به خپلے حلقے ته خپل حق گټو۔ مهربانی جی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جاوید عباسی صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: واپس ئے مه اخلئ هومره چه قاضی صاحب وئیلی نه دی۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much۔ جناب سپیکر، میں بہت ہی مختصر بات کروں گا، میں شور بھی نہیں کرنا چاہتا اور آج ایسی بات بھی میں نہیں چاہتا کہ وہ ہونی چاہیئے، میں سمجھتا ہوں کہ قاضی صاحب اپنی بساط سے بڑھ کر اس معاملے پر لگے ہوئے ہیں، کوشش کر رہے ہیں۔ اب چونکہ میری ایک تجویز ہے سر، میری ایک ریکویسٹ ہے کہ یہاں شاید عبدالاکبر خان نے ایک ریزولیوشن لائی تھی اور ہم سب نے اس کو سپورٹ کیا تھا کہ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ Devolve ہوگیا، چونکہ اس سے ہمارے پاس یونیورسٹیز کا بہت بڑا معاملہ بھی آئے گا اور ہمیں زیادہ ضرورت ہوگی تو یہ پتہ چل جائے کہ اس معاملے کا ہوگیا ہے؟ کیا فیڈرل گورنمنٹ نے اب یہ مسئلہ اپنے پاس رکھ دیا ہے، یہ جو دو ڈیپارٹمنٹس، ایک ایجوکیشن اور ایک شاید ٹورازم کی کچھ چیزیں تھیں جو انہوں نے Devolve کر کے ہمارے صوبے کو دینا تھیں تو اس کا ہمیں پتہ نہیں چلا، ہماری اسمبلی نے اس کے بارے میں ریزولوشن کی تھی۔ دوسری جناب، چونکہ ہائر ایجوکیشن کا جو منسٹر ہے، اس کی پوزیشن ایسی ہے کہ اس نے گورنر کے ساتھ بھی اور چیف منسٹر کے ساتھ بھی، دونوں کے ساتھ ہمہ وقت رابطہ رکھنا ہوتا ہے اور اس پوزیشن میں ان کا زیادہ تر وقت ہوتا ہے، میری ذاتی ایک تجویز ہے، پتہ نہیں ہاؤس اس کو کس طرح دیکھے گا لیکن جس طرح پہلے کسی زمانے میں

بورڈز گورنر کے پاس تھے اور اب چیف منسٹر کے نیچے آ گئے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی بات ہے کہ اگر یونیورسٹی کا بھی زیادہ کنٹرول چیف ایگزیکٹیو آف دی پراونس کے پاس ہو تو پھر کیبنٹ میں بیٹھ کر یہ معاملات ڈسکس ہو سکتے ہیں اور قاضی صاحب چونکہ کیبنٹ کا ممبر ہونے کے ناطے پھر وہاں جواب بہتر دے سکتے ہیں اور بتا سکتے ہیں، دوست ان کے ساتھ ڈسکس کر سکتے ہیں جو یونیورسٹی کا بھی معاملہ ہے کہ یہ کیا تجاویز رکھتے ہیں اور میں ان کا اس پر بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے گلیات کیلئے خود کہا ہے کہ وہاں کالج کی ضرورت ہے تو مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ یہ ہمارے ساتھ مہربانی کریں گے۔ اسی کے ساتھ میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you. Munawar Khan, please.

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> تھینک یو، سر۔ سر، قاضی صاحب کی شرافت میں تو کوئی ایسی بات ہے نہیں لیکن اس کی شرافت سے یہاں ہم مارے جا رہے ہیں سر، اتنا شریف بھی نہ بنیں۔ سر، لکی میں پبلک لائبریری کی سائٹ کیلئے لوگ آئے تھے، سٹاف آیا تھا تو قاضی صاحب ذرا یہ اگر مجھے بتا دیں کہ کیا وہاں حلقہ کے ایم پی اے کو اس سائٹ میں کبھی موقع دیا ہے کہ آپ بھی آ جائیں کہ پبلک لائبریری کیلئے سائٹ ہم دے رہے ہیں؟ تو قاضی صاحب! یہ شرافت کم از کم تھوڑا کم کریں اور آپ کے لوگ ہیں ان سے کم از کم یہ پوچھیں، جہاں حلقے میں جائیں تو اپنے ایم پی اے سے کم از کم Consult کریں اور میں ان کی شرافت کی وجہ سے یہ کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو۔ نرگس ثمین بی بی، ایک منٹ میں۔

<u>محترمہ نرگس ثمین:</u> جناب سپیکر صاحب! پہ یو منٹ کښے بہ زہ څہ خبرے کومہ خو یو لائن بہ درتہ اوو ایمہ۔ د کالجونو او د سکولونو رزلٹ تاسو تہ مخامخ دے، نن چہ یو څو ورځے مخکښے د میټرک رزلٹ آؤٹ شوے دے، کوم کښے چہ ټاپ ټونټی کښے اتھارہ جینکئ دی او دوہ پکښے هلکان دی، نو دے رزلٹ تہ چہ تاسو اوګورئ کنہ نو دیکښے زیات یعنی د پرائیویټ سکولونو جینکئ دی، نو تاسو لږ سوچ اوکړئ، زمونږ راتلو والا، د مستقبل، فیوچر معمار، دے د پارہ بہ مونږ څہ سوچ کوؤ، تعلیم نشتہ، معیار ئے دومرہ غورزیدلے دے چہ انسان سوچ کوی چہ دا زمونږ ملک بہ مخکښے څوک چلوی؟ زہ نور څہ نہ وایم، دا خپلہ خبرہ مختصر کومہ څکہ اسد صاحب دوئ تہ ستاسو پہ وساطت سرہ دا ریکویسټ کوم چہ جناح کالج تہ د لږ فنډ ورکړے شی او زمونږہ دا ممبران چہ

دی، لیډیز ممبران، دوئ ته هم ریکویسټ کوم چه ډیر نه وی یو پانچ پانچ لاکھ ټول د د خپل فنډ نه جناح کالج له ورکړی چه هغے کښے کمرے Extend کړے شی او زمونږ د صوبے ډیر ښه کالج دے، جینکئ ترینه ایډمشن کښے محرومیږی۔ زه خپل کټ موشن واپس اخلمه۔

Mr. Speaker: Than you Bibi, withdrawn. Qazi Sahib, Qazi Asad Sahib, honourable Minister for Higher Education.

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: تھینک یو، سپیکر سر۔ سر، میں سوچ رہا تھا کہ شاید کٹ موشن پہ Specific بات کریں گے لیکن میرے تمام آنریبل ممبرز نے جنہوں نے آج یہاں بات کی، وہ جنرل ایشوز پہ انہوں نے بات کی ہے، Specifically بجٹ کے اوپر بات نہیں کی اور میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ میرے لئے یہ تمام ممبرز نہایت قابل احترام ہیں اور درانی صاحب کو کوئی غلط فہمی ہے کیونکہ ان کے Tone سے مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ وہ مجھ سے ناراض ہیں اور میں ان کو واضح کردوں سر، کہ انشاء اللہ تعالیٰ جتنے بھی ان کے مسائل ہیں، یہ مجھے کبھی تو پوائنٹ آؤٹ کریں، جس ایشو کو وہ پوائنٹ آؤٹ کرتے ہیں میں اس پر پوری کوشش کرتا ہوں۔ میں درانی صاحب سے گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ماماش خیل اور لنڈی جالندھر کے ایس ایم ایز ہم نے فنانس کو بھیج دیئے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد آپ کیلئے ہم ان کو Sanction کروادیں گے اور سر، میں صاف نیت سے کہتا ہوں کہ نہ میں نے کبھی اس میں رکاوٹ ڈالی ہے، نہ کبھی ڈالنے کا سوچ سکتا ہوں۔ (تالیاں) اس کے علاوہ سر جو آپ نے کہا کہ آپ نے دورے نہیں کئے یا ہم گئے نہیں ہیں تو سر، میرے خیال میں میں کرک کا خود لگا چکا ہوں، ڈی آئی خان میں گیا ہوں سر، اپنے ہزارہ میں سر، ایک کوہستان نہیں گیا ہوں لیکن بٹگرام تک گیا ہوں اور باقی سر ہمارے جتنے بھی ڈویژنل ہیڈکوارٹر کے Main colleges ہیں، ان کے جو پرنسپلز ہیں، وہ ان کی مانیٹرنگ کرتے ہیں اپنے ڈویژن میں ان کی جو Attendences ہیں، وہ بھی کرتے ہیں، ان کی باقی Requirements بھی اور مجھے فخر ہے سر کہ میرے جو چیف پلاننگ آفیسر ہیں، ہمارا جو پلاننگ سیل ہے وہ Regularly پورے صوبے میں جاتا ہے اور جتنے بھی ان کے مسائل ہوتے ہیں کالجز کے، وہ لاتے ہیں، پھر اپنی بساط کے مطابق ہم ان کو پورا کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ باقی جوان کا مسئلہ ہوگا، یہ مجھے اپنے پاس بھی بلا سکتے ہیں یا لکھ کر بھیج دیں، انشاء اللہ تعالیٰ میں اس کو حل کرنے کی کوشش کروں گا اور اس کے ساتھ میں اس سے گزارش بھی کروں گا سر کہ یہ جو آپ نے کٹ موشن دی ہے اس کو واپس لے لیں۔

نلوٹھا صاحب نے سر یونیورسٹی کا کہا ہے، وہ جو زمین حویلیاں کالج کیلئے رکھی تھی ہزارہ یونیورسٹی میں سر، وہ ہمارے نالج کے مطابق ایکسپریس وے کی Radius میں آرہی ہے۔ ان کا اب جو موجودہ کالج ہے، وہ ہارٹ آف حویلیاں میں ہے، ہم اسی کو انشاء اللہ تعالیٰ Improve کررہے ہیں اور Vertical building اس کیلئے بنائیں گے اور ان کا جو مسئلہ ہے، وہ انشاء اللہ تعالیٰ ختم ہو جائے گا، Basement سے اس پر کام شروع کیا ہے سر۔ (تالیاں) سر، زمین خان کے ساتھ میں نے تیاری کی تھی، انہوں نے واپس لے لی، میں ان کا مشکور ہوں اور میں صرف اتناز مین خان کیلئے بتادوں کہ ان کا جو میدان لال قلعہ کا کالج ہے، اس کیلئے Coming Monday کو ٹیم دوبارہ جارہی ہے تیسری جگہ زمین دیکھنے کیلئے، کیونکہ پہلے ہائیڈرالوجی والوں نے اور سی اینڈ ڈبلیو والوں نے کہا کہ وہ جو دو سائیٹس تھیں، ان کو انہوں نے Reject کیا تھا، انشاء اللہ اس پر کام ہوگا۔ سر، لودھی صاحب نے فنڈریلیز کیلئے کہا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ میں اس پہ کوشش کروں گا کہ ان کے فنڈز، ان کی کنسٹرکشن چونکہ تیزی سے جارہی ہے تاکہ وہاں فنڈز کی کمی آڑے نہ آئے۔ شمعون یار خان نے سر بتایا ہے کہ ایبٹ آباد میں کالجز، تو ایبٹ آباد بھی میرا گھر ہے بلکہ یہ پورا صوبہ میرا گھر ہے، Priority ہوتی ہے سر، ابھی تک آپ کو پتہ ہے کہ بیس کالجز دیئے ہیں، پندرہ دوسری دفعہ دیئے ہیں، ابھی ہم Consolidation پر فوکس کررہے ہیں جو موجودہ انفراسٹرکچر ہمارے پاس ہے یا موجودہ جو سسٹم ہمارے پاس ہے، اس کو Consolidate کریں گے، نئی طرف نہیں جارہے لیکن میں بتادوں، انہوں نے جو اشارہ کیا کہ ہری پور کے کالجز کو سر، ہری پور میں درانی صاحب کے دور میں اختر نواز خان مرحوم کے حلقے میں دو کالجز بنے تھے جی، اس سے پہلے کوئی 1950 میں کالج بنا تھا اور اب آکر میں نے 1950 کے بعد درانی صاحب کے دور میں ایک حلقے کو یہ کالجز میں نے ابھی بنائے ہیں اور ایک میں سر، سینتیس سو کی Enrollment ہے۔ دوسرے میں ساڑھے تین ہزار اور جو سرائے صالح والا ہے سر، ابھی چل رہا ہے کرایہ کی بلڈنگ میں، اس میں ایک ہزار Enrolment ہے تو یہ ہماری Basically requirements ہوتی ہیں۔ Affidavit کے حوالے سے شمعون یار خان نے فرمایا، تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ صرف ان بچوں سے یا بچیوں سے Affidavit لیا جائے گا جن کو ایڈمشن مل جائے گا۔ سر، مفتی کفایت اللہ صاحب نے کہا ہے کہ میرے Constituency میں سر، ابھی ہر Constituency کے حوالے سے تو میں نہیں کہہ سکتا، یہ آپ خود بھی سمجھتے ہیں کہ کالج ایسا نہیں ہو سکتا کہ میں ہر حلقے کے حوالے سے کردوں لیکن جہاں تک مجھے پتہ ہے سر، کہ ایک کالج ہم بنا رہے

ہیں، میں اس کی ڈیٹیل، مفتی صاحب نے چونکہ بڑے دکھ سے کہا ہے کہ یہ مجھے بنا کر نہیں دے رہے ہیں تو ان کے حلقے کے ساتھ Adjacent حلقے ہیں، مانسہرہ میں سر، وہاں پر کالجز ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ ان کی بچیوں کو تکلیف نہیں ہو گی اور جو Consolidation میں اس دفعہ کر رہا ہوں، اس سے مقصد یہ ہے اس حکومت کا کہ اگر کالج دور ہے تو بچی کیلئے ہاسٹل کی Facility بنا دیں، اگر کالج دور ہے تو ایک بچی کو ہم بس کی Facility دیدیں تاکہ وہ باعزت طور پر وقت پر آئے اور Protected ماحول میں وہ کالج اور پھر کالج سے واپس چلی جائے۔ لہذا سر، چونکہ یہ Natural resources ہیں، Competing demands ہوتی ہیں ہر مہربان کو، ہر ایم پی اے کو میں Oblige نہیں کر سکا لیکن آئندہ جب کالجز رکھیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ مفتی کفایت اللہ صاحب میری Priority میں ہوں گے۔ ملک قاسم صاحب نے سر، کہا ہے کہ آپ ہمیں یونیورسٹی کیلئے جگہ، تو سر دو دفعہ ہماری ٹیم گئی ہے، جگہ وہاں پر Available نہیں ہے۔ میں نے ملک قاسم صاحب کو پہلے بھی عرض کی تھی، ابھی بھی یہ جگہ بتائیں کیمپس کیلئے، یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ بہت بڑی مشکل بات ہوتی ہے، آج کل کیمپس جو ہے، وہ یونیورسٹی کیلئے بھی یا اپنے آپ کو Sustain کا ذریعہ ہے، لہذا آپ جگہ دیں کیمپس لانا میرا کام ہے، انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو کیمپس ملے گا اور جاوید سر، وہ انشاء اللہ میں نے کہا کہ جو آپ کی Requirements ہیں، جتنے آپ کے مسائل ہیں، میں آپ کے ساتھ بیٹھ کر ان کو حل کروں گا اور انشاء اللہ تعالیٰ جب Priority لکھ رہا ہوں، کہہ رہا ہوں کہ ابھی ہم Consolidation میں جا رہے ہیں، نئی طرف نہیں جا رہے ہیں تو پھر آپ اتنا موقع ہمیں دیدیں کہ ان Facilities کو ہم آپ کے کالجز تک پہنچا دیں۔ سر یہ جاوید عباسی صاحب نے ایک Important issue کی طرف اشارہ کیا ہے کہ آپ کی وہ Devolution ہو رہی تھی اور پھر درمیان میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے حوالے سے Devolution کا کیا بنا؟ تو سر، آپ کو پہلے بھی میں نے ہاؤس میں بتایا تھا کہ اپنے لئے ایک ہائر ایجوکیشن کونسل کے اوپر ہم کام کر رہے ہیں تاکہ جس وقت بھی ہمیں یہ بتایا جائے کہ اب اس کو آپ نے لینا ہے کیونکہ یہ چاروں صوبوں کا مل کے فیصلہ ہو گا، ہمارا صوبہ انشاء اللہ سب سے آگے ہے اور ہمارا کام اس پر جاری ہے، ہم نے اس کیلئے ایڈ بھی تیار کر لیا ہے جس وقت ہمیں ہمارے مشران کہیں گے، میں اس کو اسمبلی میں لے آؤں گا اور سر، یہ لائبریری کیلئے تو میں نے پتہ کیا تھا، میں اس کو fore see کر رہا تھا، شاید منور خان صاحب نے لائبریری کا پوچھا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ڈیپارٹمنٹ اپنے، ان کا پلاننگ سیل ہوتا ہے، اب میں ان میں زیادہ Interferece نہیں کرتا لیکن اگر یہ محسوس کرتے ہیں کہ

ڈیپارٹمنٹ غلط جگہ پر کہیں ان کیلئے لائبریری بنارہاہے تو آج انہوں نے پوائنٹ آؤٹ کر دیا ہے، میں ان کے ساتھ بیٹھ کر اور اپنے پلاننگ سیل کو بٹھادوں گا، غلط جگہ پر اس کو نہیں بنانے دیں گے، آنریبل ممبر جو اچھی جگہ بتائیں گے اور اگر وہ فزیبل ہوئی تو وہاں پر بنائیں گے۔ آخر میں سر، میں تمام آنریبل ممبرز کا، کچھ نے گلہ کیا اور کچھ نے واپس کر لیں لیکن میں سب کا مشکور ہوں کہ میرے ساتھ سب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اپنی کٹ موشن برائے مہربانی، مفتی صاحب! آپ کے ساتھ میں نے Commitment کی ہے کہ جب بھی ہم رکھیں گے تو آپ کو میں Priority پہ Consider کروں گا۔ بہت شکریہ۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> ما خو جي يو ځل خبره کړے ده، دا زما خبره په دے وجه نه اوريدے کيږى، زما اپوزيشن سره تعلق دے نو که ديکښے دا حکومت په دے خوشحاليږى، زه به استعفیٰ ورکړمه، دوئ د خپل سرے منتخب کړى، بيا د ورله کالج ورکړى۔

<u>جناب سپیکر:</u> اوس د دے کټ موشن خبره ده او۔۔۔۔۔۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> زه خوئے نشم کولے جى، ما ته سردوئ دوه پيرے ،درے درے کاله ما د دوئ منت کړے دے ، ما د وزيراعلیٰ صاحب منت کړے دے ، اخر هغه خلقو دا ګناه کړے دے چه هغوى زه منتخب کړے يمه، ما ده ته شنکيارئ باره کښے تاسو ئے نوم اورئ جى، مابفه کښے زما خيال دا دے شيرپاؤ خان دور کښے بيا تحصيل آرډر کيدو والا وو جى او زما دے مانسهره کښے يو ګرلز کالج دے جى او بيا تر کوهستانه پورے نشته جى او ډير زيات ما باندے دباؤ دے ، سحر مانځه نه وروستو چه کله بچئ دا کتابونه واخلى په لارے ځى، زه هغه وخت کښے روډ باندے تلے نشم، شرميږم ډير زيات جى، چه څنګه په لاره به تيروځمه جى؟ او دوئ چه کومه خبره اوکړه نو تاسو پرے مطمئن شوئ جى، دوئ چه کومه خبره اوکړه؟

<u>جناب سپیکر:</u> نه اوس تاسو وايئ جى نو مياں صاحب او بشير خان! تاسو واوريدو د دوئ دا فرياد؟ ملک صاحب، تاسو څه وايئ؟

ملک قاسم خان خٹک: زمونږ جی دغه ریکویسټ دے چه لتمبر ډیر محروم دے ، د گرلز د کالج دومره ذلالت دے او قاضی صاحب اووئیل چه یونیورسټئ د پاره ځائے نشته، زه سبا له ځائے ورکوم، دوئ د ورځ مقرروی-----

جناب سپیکر: نو هغوی خو درته اووئیل چه ماسره کېښینه کنه جی۔

ملک قاسم خان خٹک: بس دوئ د ورځ مقررووری، مونږ یو دوئ ته Already ځائے ورکړے دے۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه، ټهیک شوه جی۔اوس Withdraw شو که نه؟

ملک قاسم خان خٹک: او زه د دوئ شکرگزار یم، قاضی صاحب چه دا کومے خبرے اوکړے خو هسے-----

جناب سپیکر: کټ موشن Withdraw شو؟

ملک قاسم خان خٹک: Withdraw شو جی، Withdraw شو۔

جناب سپیکر: او مفتی صاحب! ستاسو Withdraw؟

مفتی کفایت اللہ: زه د قاضی صاحب ډیر احترام کومه جی او دوئ دا وینا کړے ده په دے فلور باندے ، نو زه دے ټولو نورو مشرانو ته هم وایمه، میاں صاحب ته وایمه، دا هم سیاسی کارکنان دی، بشیر خان ته هم وایمه چه ماسره دا Commitment د پوره کړی او زه Withdraw کومه جی۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 12, therefore, the question before the House is that Demand No. 12 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; Demand is granted. The honourable Minister for Health, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 13.

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): شکریہ، جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ سات ارب 83 کروڑ 72 لاکھ 51 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا

کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صحت عامہ کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is: "that a sum not exceeding rupees Seven billion, 83 crore, 72 lac and 51 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2012, in respect of Health. Cut Motions:

اکرم خان درانی صاحب! اووایہ کنہ خپل د-----

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب! چونکه هغه بله ورځ ما منسټر صاحب ته دلته څه تجاویز پیش کړی وو او ما ته لږ داسے د ده د خوئیدو اندازه لګیدلے ده چه لږ خوئیدلے دے او بیا مے ستاسو په چیمبر کښے هم لږ تجا ویز ورکړل نو زه خپل کټ موشن واپس اخلمه-----

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جی، آنریبل ہیلتھ منسٹر صاحب۔

وزیر صحت: جیسا کہ جی درانی صاحب نے مہربانی کی ہے اور کٹ موشن واپس لی ہے تو میں اپنے دیگر ساتھیوں سے، ممبران اسمبلی سے درخواست کروں گا کہ وہ بھی اپنی کٹ موشنز واپس کریں اور باقی جو ان کے مسئلے مسائل ہوں گے، انشاء اللہ ان کے ساتھ بیٹھ کر طے کریں گے۔

جناب سپیکر: ون بائی ون ان سے پوچھتے ہیں۔ قلندر خان لودھی صاحب! کیا کرتے ہیں، واپس لیتے ہیں؟ منسٹر صاحب کیا کہتے ہیں؟

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! چیمبر میں میری بات ہو گئی ہے اس لئے میں واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, withdrawn, Aurangzeb Khan Nalotha Sahib.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میری تو منسٹر صاحب سے چیمبر میں بات نہیں ہوئی ہے بہر حال اکرم درانی صاحب، قلندر لودھی صاحب نے اگر واپس کر دی ہیں اپنی تحریک تو میں بھی واپس کرتا ہوں اور ساتھ ہی منسٹر صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میرے حلقے میں ایک آر ایچ سی ہسپتال ڈی گریڈ میں اپ گریڈ ہوا اور پہلے----

Mr. Speaker: Thank you.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: پانچ سالوں سے اس کی اس وقت تک ایس این ای Approve نہیں ہوئی تو مہربانی کرکے فوری طور پر۔۔۔۔۔ (قہقہہ)

Mr. Speaker: (Laughter) Thank you, thank you ji. Sardar Shamoon Yar Khan, please.

سردار شمعون یار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں ایک بات کرنا چاہوں گا کہ وہی جس طرح ہائر ایجوکیشن والا مسئلہ ہے یہاں پر بھی وہی بات ہے۔ تمام لوگ جو ہیں وہ شہروں کی طرف آنا چاہ رہے ہیں اور ان کو روکتا کوئی نہیں ہے، جس کی طرف سے بھی سفارش جاتی ہے محکمہ اس کو شہر میں بھیج دیتا ہے تو دیہی علاقوں میں بہت مسائل ہیں، لوگ بہت پریشان ہیں، ان کو سہولیات ہونے کے باوجود وہ اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے تو میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی موشن پہلے پڑھ لیں، اگر خواہ مخواہ۔۔۔۔۔

سردار شمعون یار خان: بالکل، یہ میں پوچھنا چاہوں گا کہ سات ارب 83 کروڑ 72 لاکھ 51 ہزار روپے کی جو رقم رکھی گئی ہے، اس سے کیا کیا چیز یہ بہتر کر سکیں گے؟ مجھے اس کا جواب دیدیں تو میں اپنی موشن واپس لے لیتا ہوں جی۔

Mr. Speaker: Mr. Shah Hussain Khan!

جناب شاہ حسین خان: واپس اخلمہ جی۔

Mr. Speaker: Shah Hussain, withdrawn.

(تالیاں)

جناب سپیکر: ستار خان صاحب۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! چونکہ بڑوں نے بھی بات کی، میں واپس لیتا لیکن مجھے ایک بات سے سخت دکھ ہوتا ہے، یقیناً میں بات دل سے کہتا ہوں، ہاؤس میں بات چل رہی ہے، ہائر ایجوکیشن کے حوالے سے، ہیلتھ کے حوالے سے، اس میں ہر حلقے کی بنیاد پہ ہمارے ساتھی مطالبات کرتے ہیں اور اس بات کی ہم قدر بھی کرتے ہیں اور ہر حلقے میں ہونے چاہئیں لیکن جو بہت تکلیف دہ بات ہے، وہ یہ ہے کہ اس چیز کو ہم معیار کیوں بناتے ہیں؟

جناب سپیکر: ابھی کیا کرتے ہیں Withdraw کرتے ہیں کہ کیا کرتے ہیں؟

جناب عبدالستار خان: میں Withdraw کرتا ہوں لیکن اس وقت میں ایک عرض بھی کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: تمہید تھوڑا سا۔

جناب عبدالستار خان: کہ ہیلتھ میں ہسپتال ایک ایسی چیز ہے جو ہر انسان کی ضرورت ہے۔ میرے کوہستان کی بھی ضرورت ہے، میرے عوام کی بھی ایک ضرورت ہے، انسانی ضرورت ہے۔ ایجوکیشن میرا حق ہے، میرے کوہستان کے لوگوں کا بھی حق ہے۔ جب آپ لوگ کالج بناتے ہیں تو مخصوص علاقے، حلقے ہیں، جب آپ ہیلتھ یونٹ بناتے ہیں تو آج پاکستان میں واحد جگہ جس کو میں مثال کے طور پر پیش کرتا ہوں، جہاں پر ڈی ایچ کیو ہسپتال کی بات نہیں، تحصیل ہسپتال بھی نہیں ہے، کیا ہمارا یہ Criteria ہے؟ ایک ڈسپنسری ملی تھی 2009-10 کے بجٹ میں، میرے خیال میں پانچ ساتھیوں کو ملی تھیں ہر حلقے میں، آج تک اس کی بات وہ ٹینڈر پراسس تک نہیں آئی ہے اور دوسری بات ہو گئی، وہ بھی انتہائی افسوس ہوا ہے جناب سپیکر، کل مجھے ایک Reliable sources سے یہ اطلاع ملی کہ ایک ہسپتال میں جو یہاں پر پشاور میں واقع ہے، سٹی ہسپتال ہے غالباً، اس میں کوئی سو بیڈز کے قریب ہیں، اس کا بجٹ ٹوٹل ہمارے ایوب میڈیکل کمپلیکس سے زیادہ وہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ستار خان! اس سے بہتر تھا آپ موشن پڑھ لیتے، آپ موشن پڑھ لیں پھر تقریر کریں۔

جناب عبدالستار خان: اور ایک چیز ہے کہ اگر تحصیل کنگلا، تحصیل پالس، چار تحصیل ہیں، ہمارے تحصیل داسو، جب ہمارے پاس ایک ہسپتال نہیں ہے پورے کوہستان میں تو اس چیز کو اگر وہ دیکھیں، منصفانہ فیصلہ کر لیں تو کوئی ایسی بات نہیں ہے میں بھی مطلب ہے اس کو واپس کر لوں گا، سر کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ جناب سپیکر، مجھے کافی تکلیف ہوتی ہے جب ایسی بات سنتا ہوں تو میں آپ سب سے کہوں گا کہ کوہستان کو نظر انداز نہ کریں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

جناب عبدالستار خان: تعلیم کی بات آتی ہے، کبھی یہ کہتے ہیں کہ ہم کوہستان میں، کیا کوہستان کوئی انڈیا کے رہنے والے ہیں، کوہستان کے لوگ؟

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب، غلام محمد صاحب۔

جناب غلام محمد: جناب سپیکر صاحب! میں نے کب سے مقابلے میں، ہر دفعہ میں واپس ہی کرتا ہوں، یہ آپ کو نہیں پتہ؟

(تالیاں)

جناب غلام محمد: اچھا ایک بات ہے سر۔ سر، میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عاطف الرحمان خلیل صاحب، عاطف الرحمان خلیل۔

جناب عطیف الرحمان: سپیکر صاحب! زمونږ خو جی د محکمے په حوالے سره ډیر زیات Reservations دی او څنګه چه زمونږ د اپوزیشن نورو ممبرانو خپل کټ موشن تحریک واپس کړے دے نو زه هم Under protest خپل کټ موشن واپس اخلمه جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: میں جی، ظاہر شاہ صاحب جب بھی ملے بہت اخلاق سے ملے ہیں، میں ان اخلاق سے متاثر ہوکر اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: (Laughter) Thank you, withdrawn. Mufti Said Janan, it lapses. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: سر، آنریبل منسټر ډیر قابل احترام دے، زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

ملک قاسم خان خٹک: سره د دے ریکویسټ چه زمونږ سول هسپتال تخت نصرتی کښے، سول هسپتال لتمبر، شنوا ګوډی خیل کښے بالکل ډاکټران نشته او خلقو ته ډیر تکلیف دے، مهربانی اوکړه چه انتظام ئے اوکړئ۔ شکریه، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ، Withdrawn۔ محمد جاوید عباسی۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by one hundred only. Muhammad Zamin Khan.

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر! زه خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ محمد رشاد خان۔ رشاد خان کا مائیک آن کریں۔۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! میں بیس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: رشاد خان کا مائیک آن کریں۔

آوازیں: کہہ دیا ہے سر۔

جناب محمد رشاد خان: میں بیس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: کتنا؟

جناب محمد رشاد خان: بیس ہزار کی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty thousand only. Munawar Khan Sahib, please.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ میں تحریک تو واپس لیتا ہوں لیکن سر، یہاں پہ میں منسٹر صاحب سے ایک ریکویسٹ کروں گا کہ ذرا اپنے ساتھ اگر نوٹ کر لیں کہ لکی سٹی ہسپتال کو تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیا گیا تھا اور باقاعدہ طور پر سی ایم صاحب نے سمری بھی Approve کی ہے سر، لیکن اس کے باوجود ابھی میرے خیال میں اس میں کچھ وومن اینڈ چلڈرن کی بات ہو رہی ہے تو Kindly کم از کم وہ جو سمری Approve کی گئی ہے، محکمہ ہیلتھ کی فیزیبلٹی بھی گئی ہے اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے Propose کیا تھا سر تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ وہی سمری پہ اس کو As سٹی ہسپتال ہی رکھا جائے نہ کہ وومن اینڈ چلڈرن، تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ نصیر محمد خان صاحب۔

جناب محمد نصیر میداد خیل: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اگر محترم وزیر صاحب لکی مروت آنے کا وعدہ کر لیں اور اپنی آنکھوں سے وہاں پہ نئے تعمیر شدہ ہسپتال کا مشاہدہ کر لیں جو کہ انتہائی ناقص بنایا گیا ہے اور صرف وہاں پر آ کر دیکھ لیں کہ ان ہسپتالوں کی حالت زار کیا ہے؟ ان کے وعدے پر ہم اپنی کٹ موشن واپس لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: Withdrawn، وعدے کے ساتھ Withdrawn۔ نرگس ثمین بی بی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: سر، یہ آنے کیلئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں وزٹ کرے گا ادھر، نہیں نہیں ادھر وہ خاص ڈش بھی کھائے گا نا۔ جی۔

بیگم نرگس ثمین: جناب سپیکر صاحب! زه خپل کټ موشن واپس اخلم خو ستاسو نوټس کښے راوستل غواړم، د سیکرټری هیلتھ راتلو نه پس د ټولو هسپتالونو حالات ډیر ښه شوی دی (تالیاں) د خیبر ټیچنگ هسپتال، حیات آباد کمپلیکس او حیات آباد کډنی هسپتال، که تاسو لاړ شئ تاسو به حیران شئ چه

دومره لږ تائم کښے دے یو کال کښے دیکښے څومره Changes راغلی دی نو زه منسټر صاحب ته مبارکباد ورکومه۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکر دے۔

بیگم نرگس ثمین: چه دا سے زمونږ نور منسټران هم په دے خپل۔۔۔۔۔

(تالیاں، نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: دا واحده بی بی ده چه ستا تعریف ئے اوکړو منسټر صاحب!۔۔۔۔۔

(شور)

بیگم نرگس ثمین: نو زه نورو ورونړو ته هم وایمه او دا وینا کول غواړم چه څنگه ظاهر شاه صاحب کار کوی په دے خپلے منسټرئ کښے، داسے د دا نور هم کوی۔ شکریه۔

جناب سپیکر: شکریہ بی بی۔ نگہت یاسمین بی بی، چلی گئیں؟ Lapsed۔ دا به اوس خرابیږی۔ سردار شمعون یار خان! تاسو خو واپس۔

سردار شمعون یار خان: جی، میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn، سارے Withdraw ہیں یا کوئی ہے؟ جاوید عباسی۔

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): جناب سپیکر! اگر مجھے۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: بیٹھیں، بیٹھیں منسٹر صاحب! ایسی جلدی نہ کریں، مہربانی فرمائیں۔ میری سر ایک بڑی معصوم سی خواہش ہے، وہ صرف اتنی ہے، یہ بہت اچھے آدمی ہیں، بہت قابل آدمی ہیں، بس یہ ایشورنس کرادیں کہ جب بھی اس اسمبلی کا اجلاس ہوگا تو یہ اس میں آیا کریں گے، (قہقہے) یہ ہماری صرف اتنی خواہش ہے (تالیاں) تاکہ اسمبلی کا اجلاس ہوتا ہے تو ہم ان کا دیدار کر لیا کریں۔ بڑی خواہش ہوتی ہے ان کو دیکھنے کیلئے اور اس میں وہ تشریف نہیں لاتے۔ یہ ہماری معصوم خواہش ہے کہ یہ اسمبلی کے اجلاس میں تشریف لایا کریں۔

جناب سپیکر: دیکھیں جی، یہ کتنی پیار۔

